DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 12.09.2025

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | صوبے کی ترقی اور خوشحالی تمام سٹیک ہولڈرز کے باہمی تعاون کے بغیر ممکن نہیں سبی میں گرینڈ جرگہ گورنر، وزیراعلی، کور کمانڈر لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم احمد خان۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | بحالی امن کے لیے عوامی تعاون سب سے بڑی قوت دیرپا امن کے لیے حکومت کے اقدامات جاری رہیں گے، سرفراز بگٹی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 03 | قائداعظم کے اصولوں پر عمل سے ہی ملک ترقی کرسکتا ہے، بخت محمد کاکڑ۔ | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 04 | عوام کو سہولیات کی فراہمی کے لیے اقدامات کا سلسلہ جاری رہے گا، شعیب نوشیروانی۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 05 | ایسی پالیسی لائیں گے جس سے غریب عوام کو فائدہ ہو، بابا غلام رسول عمرانی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج ہوگا۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 07 | ایڈیشنل آئی جی پولیس کا جونیئر کے ماتحت کام کرنے سے انکار تبادلے کے لیے خط لکھ دیا۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 08 | ریلوے کے محنت کش ادارے کا اصل اثاثہ ہیں، ڈی ایس کوئٹہ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | الیف آئی اے کی کارروائی غیر قانونی منی ایکسچینج میں ملوث 4 افراد گرفتار۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10 | حب ڈیم میں پانی کی سطح بلند ضلع انتظامیہ نے الرٹ جاری کردیا۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 11 | سابق ڈائریکٹر جنرل ایگریکلچر ایکسٹینشن اور ڈائریکٹر اکنامک اینڈ مارکیٹنگ ایگریکلچر گرفتار۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | بیوٹی فیکیشن پلان کی تکمیل سے کوئٹہ جدید شہر میں ڈھل جائے گا، کمشنر شاہزیب خان کاکڑ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13 | پلاسٹک تھیلوں پر مکمل پابندی بھرپور کارروائی عمل میں لائی جائے، ڈی سی کوئٹہ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 14 | 200 لیٹر ملاوٹی دودھ 200 کلو غیر صحت بخش دہی اور خشک دودھ تلف کردیا گیا، بلوچستان فوڈ اتھارٹی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 15 | قیدیوں کی اصلاح کے لیے موثر اقدامات اٹھا رہے ہیں، آئی جی جیل خانہ جات۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 16 | وفاقی محتسب کے حکم پر کسٹم نے سامان 16 ٹن گڑ واپس کردیا۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 17 | افغانستان پر چڑھائی کے لیے متحد دنیا اس کی تعمیر نو کے لیے بھی اکٹھی ہو محمود اچکزئی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 18 | پہیہ جام اور شٹر ڈاؤن حکمرانوں کے لیے سبق تھا آئین پر عمل درآمد ہی تمام مسائل کا حل ہے، آل پارٹیز۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 19 | صوبے میں بے چینی اور اضطراب کا واحد حل قومی مفاہمت ہے، مولانا واسع۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 20 | حلقہ انتخاب میں ترقی کے دروازے کھولنا ہمارا مشن ہے، علی مدد جتک۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 21 | نوجوانوں کو مفت آئی ٹی تربیت فراہم کریں گے، مولانا ہدایت الرحمٰن۔ | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن وامان:

استاد محمد ڈاکو نے سیب سے لدی پک اپ چھین لی، خاران خانہ بدوشوں پر فائرنگ چار افراد جاں بحق 4 کو اغوا کرلیا گیا، لورالائی وین کے مسافر سے اسلحہ برآمد گرفتار کرلیا گیا۔

CamScanner

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

**عوامی مسائل:**

| |
|---|
| بڑھتی آبادی کی ضرورتوں کے مطابق شہری سہولیات فراہم کی جائیں شہریوں کا مطالبہ، کلی جدید کورنگیج گزشتہ چھ مہینوں سے بجلی کی سہولت سے محروم۔ |

**مورخہ 12.09.2025**

**اداریہ:**

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے "**وزیر اعلیٰ بلوچستان کا لاپتہ افراد کے مسئلے کا حل اور دہشتگردی کے خاتمے کا عزم ، اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ گرینڈ ڈائیلاگ ناگزیر!!**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ بلوچستان میں سیاسی استحکام اور قیام امن دیرینہ مسئلہ ہے۔ بلوچستان کی موجودہ حکومت سمیت تمام اسٹیک ہولڈرز اور عوام بھی بلوچستان میں ترقی، خوشحالی امن چاہتی ہے تاکہ صوبے میں پسماندگی اور محرومیوں کا خاتمہ ممکن ہو سکے۔ بلوچستان کے دیرینہ مسائل جو سیاسی بھی ہیں، لاپتہ افراد کا معاملہ بھی سر فہرست ہے ان کو حل کرنے کیلئے حکومت سمیت سب کی ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ اپنا کردار ادا کریں۔ دہشتگردی کی کوئی بھی حمایت نہیں کرتا جو بلوچستان کی ترقی میں سب سے بڑی رکاوٹ ہے البتہ سیاسی مسائل کا نکالنا ضروری ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا کہنا ہے ہم دہشت گردوں کے سامنے کبھی نہیں جھکیں گے۔ انسداد دہشت گردی کا قانون عام عوام پر لاگو نہیں ہوگا۔ گزشتہ روز میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان کا کہنا تھا کہ مولانا ہدایت الرحمان کے علاقے میں مزدوروں کو بے دردی سے قتل کیا گیا، فرانس میں دہشتگردی کے واقعے کے بعد ایک دن میں قانون تبدیل ہوا۔ 2016 میں وکلاء کا قتل ہوا، 2016 واقعے کا ماسٹر مائنڈ سعید بادینی گرفتار ہوا، سعید بادینی کا بروقت ٹرائل نہیں کیا گیا، لاشیں اٹھانے والوں سے تکلیف کا پوچھیں، دہشتگردی کے خلاف کوئی گواہی دینے کے لئے تیار نہیں۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا کہنا تھا کہ ہم لاپتہ افراد کا مسئلہ حل کرنا چاہتے ہیں، جو شخص گرفتار ہوگا اس کے اہل خانہ کو اسی وقت اطلاع دی جائے گی، لاپتہ افراد کا مسئلہ ہمیشہ کے لئے ختم کریں گے۔

**اداریے:**

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے "**بلوچستان اسمبلی انسداد دہشتگردی فرانزک سائنس ترمیمی مسودات قانون منظور**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ میزان کوئٹہ نے "**صوبے کے تمام علاقوں کو یکساں ترقی ہمارا عزم**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "Quetta Attack" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

CS CamScanner

گورنر، وزیر اعلیٰ، وزراء

# CLIPPING SERVICE


DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1 Dated: 12 SEP 2025 Page No. 1


سبی میں گرینڈ جرگہ

# صوبے کی ترقی اور خوشحالی تمام اسٹیک ہولڈرز کے باہمی تعاون کے بغیر ممکن نہیں

حکومت، سیکیورٹی ادارے اور قبائلی عمائدین مل کر صوبے کو ترقی کے قومی دھارے میں شامل کریں، گورنر مندوخیل، حکومت قیام امن اور ترقی کے عمل کو آگے بڑھانے کیلئے ہر ممکن اقدام کر رہی ہے، وزیر اعلیٰ کا خطاب

سیکیورٹی فورسز امن و استحکام کو یقینی بنانے کے ساتھ نوجوانوں کیلئے مثبت مواقع فراہم کرنے میں بھی اپنا کردار ادا کرتی رہیں گی، کور کمانڈر لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم

سبی (خ ن) سبی میں ایک گرینڈ جرگہ منعقد ہوا، جس میں گورنر بلوچستان، وزیر اعلیٰ بلوچستان، کور کمانڈر 12 کور، آئی جی ایف سی بلوچستان (نارتھ)، آئی جی پولیس بلوچستان، رکن قومی اسمبلی میاں خان بگٹی، صوبائی وزراء، چیف سیکرٹری بلوچستان اور سبی ڈویژن کے قبائلی عمائدین نے بھرپور شرکت کی۔ اس جرگے کا مقصد بلوچستان کو درپیش چیلنجز کے حل، امن و استحکام کے قیام، ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت اور عوامی فلاح و بہبود کے لیے ایک مؤثر اور مشترکہ لائحہ عمل ترتیب دینا تھا۔ اس دوران قبائلی رہنماؤں نے مقامی مسائل اور تجاویز پیش کیں، جنہیں حکومت اور سیکیورٹی اداروں کی جانب سے ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی یقین دہانی کرائی گئی۔ گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ صوبے کی ترقی اور خوشحالی سب اسٹیک ہولڈرز کے باہمی تعاون کے بغیر ممکن نہیں۔ انہوں نے زور دیا کہ حکومت، سیکیورٹی ادارے اور قبائلی عمائدین مل کر صوبے کو ترقی کے قومی دھارے میں شامل کریں۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اپنے خطاب میں قبائلی روایات اور جرگہ سسٹم کی اہمیت کو تسلیم کرتے ہوئے کہا کہ حکومت عوام کے تعاون سے امن قائم رکھنے اور ترقی کے عمل کو آگے بڑھانے کے لیے ہر ممکن اقدامات اٹھا رہی ہے۔ کور کمانڈر 12 کور لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم احمد خان نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز امن و استحکام کو یقینی بنانے کے ساتھ نوجوانوں کے لیے مثبت مواقع فراہم کرنے میں بھی اپنا کردار ادا کرتی رہیں گی۔ جرگے کے دوران کوئٹہ-ڈھاڈر (N-65) روڈ کی توسیع اور ساختی بہتری کے منصوبے کا بھی افتتاح کیا گیا، جو نہ صرف ٹریفک کی روانی بہتر بنائے گا بلکہ خطے کی معاشی اور سماجی ترقی میں بھی کلیدی کردار ادا کرے گا۔ جرگے کے اختتام پر تمام شرکاء نے اس بات پر اتفاق کیا کہ بلوچستان کی پائیدار خوشحالی کے لیے حکومت، سیکیورٹی اداروں اور قبائلی عمائدین کا باہمی تعاون ناگزیر ہے۔ قبائلی عمائدین نے عزم ظاہر کیا کہ وہ تنازعات کے حل کے ساتھ ساتھ سماجی ہم آہنگی اور بھائی چارے کے فروغ کے لیے بھی اپنا فعال کردار ادا کریں گے۔



سبی: گورنر شیخ جعفر خان مندوخیل، وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی، کور کمانڈر لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم احمد خان اور دیگر جرگے میں شریک ہیں


MASHRIQ QUETTA


# بلوچستان کی ترقی و خوشحالی کیلئے حکومت، سیکیورٹی اداروں اور قبائلی عمائدین کا باہمی تعاون ناگزیر ہے، گورنر، وزیر اعلیٰ

حکومت عوام کے تعاون سے امن قائم رکھنے اور ترقی کے عمل کو آگے بڑھانے کے لیے اقدامات اٹھا رہی ہے، قبائلی روایات اور جرگہ سسٹم کی اہمیت سے انکار ممکن نہیں، جعفر مندوخیل، میر سرفراز بگٹی

سبی میں گرینڈ جرگہ، گورنر، وزیر اعلیٰ، کور کمانڈر 12 کور، آئی جی ایف سی (نارتھ)، آئی جی پولیس، رکن قومی اسمبلی میاں خان بگٹی، صوبائی وزراء، چیف سیکرٹری اور قبائلی عمائدین کی شرکت

سبی (خ ن) سبی میں ایک گرینڈ جرگہ منعقد ہوا، جس میں گورنر بلوچستان، وزیر اعلیٰ بلوچستان، کور کمانڈر 12 کور، آئی جی ایف سی بلوچستان (نارتھ)، آئی جی پولیس بلوچستان، رکن قومی اسمبلی میاں خان بگٹی، صوبائی وزراء، چیف سیکرٹری بلوچستان اور سبی ڈویژن کے قبائلی عمائدین نے بھرپور شرکت کی۔ اس جرگے کا مقصد بلوچستان کو درپیش چیلنجز کے حل، امن و استحکام کے قیام، ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت اور عوامی فلاح و بہبود کے لیے ایک مؤثر اور مشترکہ لائحہ عمل ترتیب دینا تھا۔ اس دوران قبائلی رہنماؤں نے مقامی مسائل اور تجاویز پیش کیں، جنہیں حکومت اور سیکیورٹی اداروں کی جانب سے ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی یقین دہانی کرائی گئی۔ گورنر......


بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر


بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ صوبے کی ترقی اور خوشحالی سب اسٹیک ہولڈرز کے باہمی تعاون کے بغیر ممکن نہیں۔ انہوں نے زور دیا کہ حکومت، سیکیورٹی ادارے اور قبائلی عمائدین مل کر صوبے کو ترقی کے قومی دھارے میں شامل کریں۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اپنے خطاب میں قبائلی روایات اور جرگہ سسٹم کی اہمیت کو تسلیم کرتے ہوئے کہا کہ حکومت عوام کے تعاون سے امن قائم رکھنے اور ترقی کے عمل کو آگے بڑھانے کے لیے ہر ممکن اقدامات اٹھا رہی ہے۔ کور کمانڈر 12 کور لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم احمد خان نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز امن و استحکام کو یقینی بنانے کے ساتھ نوجوانوں کے لیے مثبت مواقع فراہم کرنے میں بھی اپنا کردار ادا کرتی رہیں گی۔ جرگے کے دوران کوئٹہ-ڈھاڈر (N-65) روڈ کی توسیع اور ساختی بہتری کے منصوبے کا بھی افتتاح کیا گیا، جو نہ صرف ٹریفک کی روانی بہتر بنائے گا بلکہ خطے کی معاشی اور سماجی ترقی میں بھی کلیدی کردار ادا کرے گا۔ جرگے کے اختتام پر تمام شرکاء نے اس بات پر اتفاق کیا کہ بلوچستان کی پائیدار خوشحالی کے لیے حکومت، سیکیورٹی اداروں اور قبائلی عمائدین کا باہمی تعاون ناگزیر ہے۔ قبائلی عمائدین نے عزم ظاہر کیا کہ وہ تنازعات کے حل کے ساتھ ساتھ سماجی ہم آہنگی اور بھائی چارے کے فروغ کے لیے بھی اپنا فعال کردار ادا کریں گے۔


CamScanner

THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

بانی میر خلیل الرحمٰن

قیمت 35 روپے

BC-J-1 فون 2841993-2842016-2841078

جلد 54 جمعۃ المبارک 18 ربیع الاول 1447ھ 12 ستمبر 2025ء نمبر 249


بحالی امن کیلئے عوامی تعاون سب سے بڑی قوت

# دیرپا امن کیلئے حکومت کے اقدامات جاری رہینگے

سرفراز بگٹی

**کلی ہیکلزئی میں سی ٹی ڈی کی کامیاب کارروائی باعث اطمینان ہے، دہشتگردوں کو ان کے مقاصد میں کامیاب ہونے سے پہلے ہی کیفر کردار تک پہنچادیا**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ہیکلزئی یارو میں کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ کی کامیاب کارروائی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے ادارے کی کارکردگی کو سراہا ہے انہوں نے کہا کہ سی ٹی ڈی نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے دہشت گردوں کے ناپاک عزائم کو ناکام بنایا اور عوام کو بڑے سانحے سے محفوظ رکھا مارے گئے دہشت گرد مختلف دہشت گردانہ کارروائیوں میں ملوث تھے، جنہیں انجام دینے سے پہلے ہی کیفر کردار تک پہنچادیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں امن کے قیام کے لئے سی ٹی ڈی اور دیگر سیکیورٹی اداروں کی قربانیاں اور خدمات قابل تحسین ہیں انہوں نے کہا کہ صوبے کے عوام کو پرامن ماحول فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے، اسی مقصد کے لئے تمام ادارے مربوط انداز میں اپنا کردار ادا کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام بھی دہشت گردوں کے عزائم کو ناکام بنانے میں سیکیورٹی اداروں کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں انہوں نے واضح کیا کہ صوبے کے ہر کونے میں دیرپا امن کے قیام کے لئے اقدامات جاری رہیں گے اور دہشت گردوں یا ان کے سہولت کاروں کو قانون کی گرفت سے بچنے نہیں دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ بحالی امن کے لئے عوامی تعاون سب سے بڑی قوت ہے اور اسی تعاون کی بدولت بلوچستان کو پرامن، خوشحال اور ترقی یافتہ صوبہ بنایا جارہا ہے۔

## تمام ڈویژنز میں جرگوں کا انعقاد امن وامان کی بہتری کا باعث ہے، وزیر اعلیٰ

**جرگوں کا مقصد ہر طبقے کی آواز کو سننا اور عوامی مسائل کے حل کیلئے مشترکہ لائحہ عمل ترتیب دینا ہے، ایکس پر پیغام**

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ سبی میں منعقدہ امن جرگہ بلوچستان کے تمام ڈویژنز میں جاری اس سلسلے کی ایک کڑی ہے، جس کا مقصد ہر طبقے کی آواز کو سننا اور عوامی مسائل کے حل کے لیے مشترکہ لائحہ عمل ترتیب دینا ہے سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ ان جرگوں کے ذریعے عوام اور ریاست کے درمیان فاصلے کم ہو رہے ہیں جو نہ صرف امن وامان کی بہتری کا باعث ہے بلکہ ترقیاتی عمل کو بھی تیز کرنے میں مدد دے رہا ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ دہائیوں سے چلے آنے والے مسائل چند جرگوں سے ختم نہیں ہوسکتے تاہم یہ سلسلہ بلوچستان کو خوشحال، پرامن اور ترقی یافتہ بنانے کی مضبوط بنیاد رکھ رہا ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ان جرگوں میں عوام کے تمام طبقات، بالخصوص قبائلی عمائدین، خواتین اور نوجوانوں کو اپنی رائے کے اظہار کا موقع دیا جارہا ہے تاکہ صوبے میں پائیدار امن، ہم آہنگی اور ترقی کی راہیں ہموار کی جاسکیں وزیر اعلیٰ نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ صوبائی حکومت عوامی شمولیت کے ساتھ بلوچستان کو ایک پرامن، خوشحال اور ترقی یافتہ صوبہ بنانے کے لیے اپنے تمام وسائل بروئے کار لائے گی۔


CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 3


Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

| | | | |
|---|---|---|---|
| جلد 54 | جمعہ 18 ربیع الاول 1447ھ 12 ستمبر 2025ء صفحات 08 | شمارہ 67 | |
| رجسٹرڈ BC-m-13 | Emall. mashriqqta2008@gmall.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 35 روپے |




وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی امن جرگے میں شریک مختلف شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کے سوالات کا جواب دے رہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLI[C] RELATIONS BALOCHS[TAN]

نظامت اعلیٰ ت[...]
حکومت با[...]

Bullet No. 1

Page No. 6

روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ سینچری

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 23 شمارہ 268 | جمعۃ المبارک، 18 ربیع الاول، 12 ستمبر 2025، صفحات 8 قیمت 40 روپے


# امن و ترقی اسٹیک ہولڈرز کے تعاون سے مشروط، جرگوں سے فاصلے کم ہو رہے ہیں

گورنر، وزیراعلیٰ

## حکومت، سیکورٹی ادارے اور قبائلی عمائدین مل کر صوبے کو ترقی کے قومی دھارے میں شامل کریں، جعفر مندوخیل

## امن اور استحکام کے ساتھ نوجوانوں کیلئے مثبت مواقع فراہم کئے جا رہے ہیں، کور کمانڈر کا سبی میں جرگے سے خطاب


## جرگوں کا سلسلہ بلوچستان کو خوشحال، پرامن اور ترقی یافتہ بنانے کی بنیاد رکھ رہا ہے، سرفراز بگٹی کا ایکس پر پیغام

سبی (خ ن) سبی میں ایک گرینڈ جرگہ منعقد ہوا جس میں گورنر بلوچستان، وزیراعلیٰ بلوچستان، کور کمانڈر 12 کور، آئی جی ایف سی بلوچستان (نارتھ)، آئی جی پولیس (باقی صفحہ 5 نمبر 20)

بلوچستان، رکن قومی اسمبلی میاں خان بگٹی، صوبائی وزراء، چیف سیکرٹری بلوچستان اور سبی ڈویژن کے قبائلی عمائدین نے بھرپور شرکت کی۔ اس جرگے کا مقصد بلوچستان کو درپیش چیلنجز کے حل، امن و استحکام کے قیام، ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت اور عوامی فلاح و بہبود کے لیے ایک موثر اور مشترکہ لائحہ عمل ترتیب دینا تھا۔ اس دوران قبائلی رہنماؤں نے مقامی مسائل اور تجاویز پیش کیں جنہیں حکومت اور سیکورٹی اداروں کی جانب سے ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی یقین دہانی کرائی گئی۔ گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ صوبے کی ترقی اور خوشحالی سب اسٹیک ہولڈرز کے باہمی تعاون کے بغیر ممکن نہیں۔ انہوں نے زور دیا کہ حکومت، سیکورٹی ادارے اور قبائلی عمائدین مل کر صوبے کو ترقی کے قومی دھارے میں شامل کریں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اپنے خطاب میں قبائلی روایات اور جرگہ سسٹم کی اہمیت کو تسلیم کرتے ہوئے کہا کہ حکومت عوام کے تعاون سے امن قائم رکھنے اور ترقی کے عمل کو آگے بڑھانے کے لیے ہر ممکن اقدامات اٹھا رہی ہے۔ کور کمانڈر 12 کور لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم احمد خان نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز امن و استحکام کو یقینی بنانے کے ساتھ نوجوانوں کے لیے مثبت مواقع فراہم کرنے میں بھی اپنا کردار ادا کرتی رہیں گی۔ جرگے کے دوران کوئٹہ-ڈھاڈر (N-65) روڈ کی توسیع اور ساختی بہتری کے منصوبے کا بھی افتتاح کیا گیا، جو نہ صرف ٹریفک کی روانی بہتر بنائے گا بلکہ خطے کی معاشی اور سماجی ترقی میں بھی کلیدی کردار ادا کرے گا۔ جرگے کے اختتام پر تمام شرکاء نے اس بات پر اتفاق کیا کہ بلوچستان کی پائیدار خوشحالی کے لیے حکومت، سیکیورٹی اداروں اور قبائلی عمائدین کا باہمی تعاون ناگزیر ہے۔ قبائلی عمائدین نے عزم ظاہر کیا کہ وہ تنازعات کے حل کے ساتھ ساتھ سماجی ہم آہنگی اور بھائی چارے کے فروغ کے لیے بھی اپنا فعال کردار ادا کریں گے۔

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ سبی (باقی صفحہ 5 نمبر 21)

میں منعقدہ امن جرگہ بلوچستان کے تمام ڈویژنز میں جاری اس سلسلے کی ایک کڑی ہے، جس کا مقصد ہر طبقے کی آواز کو سننا اور عوامی مسائل کے حل کے لیے مشترکہ لائحہ عمل ترتیب دینا ہے سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ ان جرگوں کے ذریعے عوام اور ریاست کے درمیان فاصلے کم ہو رہے ہیں جو نہ صرف امن و امان کی بہتری کا باعث ہے بلکہ ترقیاتی عمل کو بھی تیز کرنے میں مدد دے رہا ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ دہائیوں سے چلے آنے والے مسائل چند جرگوں سے ختم نہیں ہو سکتے تاہم یہ سلسلہ بلوچستان کو خوشحال، پرامن اور ترقی یافتہ بنانے کی مضبوط بنیاد رکھ رہا ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ان جرگوں میں عوام کے تمام طبقات، بالخصوص قبائلی عمائدین، خواتین اور نوجوانوں کو اپنی رائے کے اظہار کا موقع دیا جا رہا ہے تاکہ صوبے میں پائیدار امن، ہم آہنگی اور ترقی کی راہیں ہموار کی جا سکیں وزیراعلیٰ نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ صوبائی حکومت عوامی شمولیت کے ساتھ بلوچستان کو ایک پرامن، خوشحال اور ترقی یافتہ صوبہ بنانے کے لیے اپنے تمام وسائل بروئے کار لائے گی۔



سبی، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل، وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی، کور کمانڈر بلوچستان لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم احمد خان اور دیگر سبی جرگے میں شریک ہیں

# دہشتگردوں کیخلاف عوام سیکورٹی اداروں کیساتھ ہیں، سرفراز بگٹی

## ہیسکلزئی یارو میں فورسز کی کارروائی لائق تحسین ہے، عوامی تعاون بڑی قوت ہے

## بلوچستان کو پرامن اور خوشحال صوبہ بنانے کیلئے کوشاں ہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ہیسکلزئی یارو میں کاؤنٹر ٹیررازم ڈپارٹمنٹ کی کامیاب کارروائی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے ادارے کی کارکردگی (باقی صفحہ 5 نمبر 11)

کو سراہا ہے انہوں نے کہا کہ سی ٹی ڈی نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے دہشت گردوں کے ناپاک عزائم کو ناکام بنایا اور عوام کو بڑے سانحے سے محفوظ رکھا وزیراعلیٰ نے کہا ہیسکلزئی یارو میں مارے گئے دہشت گرد مختلف دہشت گردانہ کارروائیوں میں ملوث تھے جنہیں انجام دینے سے پہلے ہی کیفر کردار تک پہنچا دیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں امن کے قیام کیلئے سی ٹی ڈی اور دیگر سیکیورٹی اداروں کی قربانیاں اور خدمات قابل تحسین ہیں انہوں نے کہا کہ صوبے کے عوام کو پرامن ماحول فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے، اسی مقصد کے لئے تمام ادارے مربوط انداز میں اپنا کردار ادا کر رہے ہیں۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے عوام بھی دہشت گردوں کے عزائم کو ناکام بنانے میں سیکیورٹی اداروں کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں وزیراعلیٰ نے واضح کیا کہ صوبے کے ہر کونے میں دیرپا امن کے قیام کے لئے اقدامات جاری رہیں گے اور دہشت گردوں یا ان کے سہولت کاروں کو قانون کی گرفت سے بچنے نہیں دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ بحالی امن کے لئے عوامی تعاون سب سے بڑی قوت ہے اور اسی تعاون کی بدولت بلوچستان کو پرامن، خوشحال اور ترقی یافتہ صوبہ بنایا جا رہا ہے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE


DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITA

نظامت اعلیٰ تعا
حکومت بلو

Bullet No 1

Page No. 5



THE DAILY INTEKHAB (Quetta)

روزنامہ انتخاب کوئٹہ


intekhabnews@gmail.com

Quetta Ph:081-2822909

قیمت 30 روپے

صفحات 6

جلد نمبر 32 | جمعہ 12 ستمبر 2025ء بمطابق 18 ربیع الاول 1447ھ | شمارہ نمبر 249

سبی: گورنر جعفر مندوخیل، وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی، کور کمانڈر لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم و دیگر گرینڈ جرگہ میں شریک ہیں

# سبی میں گرینڈ جرگہ، بلوچستان کی ترقی کیلئے مشترکہ کوششوں کا عزم

## گورنر، وزیراعلیٰ اور کور کمانڈر کی شرکت

آئی جی ایف سی نارتھ، صوبائی وزراء، چیف سیکرٹری و دیگر موجود، جرگہ شرکاء نے کوئٹہ ڈھاڈر روڈ توسیعی منصوبے کا افتتاح بھی کیا، اسٹیک ہولڈرز کے تعاون کے بغیر ترقی ممکن نہیں: جعفر مندوخیل، لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم

**جرگہ کا مقصد ہر طبقے کی آواز کو سننا، عوام اور ریاست کے درمیان فاصلے کم ہو رہے ہیں، عوامی شمولیت کیساتھ بلوچستان کو پرامن و ترقی یافتہ صوبہ بنانے کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائیں گے: ایکس پیغام**

سبی (خ ن) سبی میں گرینڈ جرگہ منعقد ہوا، جس میں گورنر، وزیراعلیٰ، کور کمانڈر 12 کور، آئی جی ایف سی بلوچستان (نارتھ)، آئی جی پولیس بلوچستان، رکن قومی اسمبلی میاں خان بگٹی، صوبائی وزراء، چیف سیکرٹری اور سبی ڈویژن کے قبائلی عمائدین نے بھرپور شرکت کی۔ جرگے کا

بقیہ نمبر 20 صفحہ 5 پر

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ سبی میں منعقدہ امن جرگہ بلوچستان کے تمام ڈویژنز میں جاری اس سلسلے کی ایک کڑی ہے، جس کا مقصد ہر طبقے کی آواز کو سننا اور عوامی مسائل کے حل کے لئے مشترکہ لائحہ عمل ترتیب دینا ہے۔ سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر اپنے

بقیہ نمبر 11 صفحہ 5 پر

مقصد بلوچستان کو درپیش چیلنجز کے حل، امن و استحکام کے قیام، ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت اور عوامی فلاح و بہبود کے لئے موثر اور مشترکہ لائحہ عمل ترتیب دینا تھا۔ اس دوران قبائلی رہنماؤں نے مقامی مسائل اور تجاویز پیش کیں، جنہیں حکومت اور سیکورٹی اداروں کی جانب سے ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی یقین دہانی کرائی گئی۔ گورنر شیخ جعفر مندوخیل نے کہا کہ صوبے کی ترقی اور خوشحالی اسٹیک ہولڈرز کے باہمی تعاون کے بغیر ممکن نہیں۔ انہوں نے زور دیا کہ حکومت، سیکورٹی ادارے اور قبائلی عمائدین مل کر صوبے کو ترقی کے قومی دھارے میں شامل کریں۔ کور کمانڈر 12 کور لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم احمد خان نے کہا کہ سیکورٹی فورسز امن و استحکام کو یقینی بنانے کے ساتھ نوجوانوں کے لئے مثبت مواقع فراہم کرنے میں بھی اپنا کردار ادا کرتی رہیں گی۔ جرگے کے دوران کوئٹہ ڈھاڈر (N-65) روڈ کی توسیع اور ساختی بہتری کے منصوبے کا بھی افتتاح کیا گیا، جو نہ صرف ٹریفک کی روانی بہتر بنائے گا بلکہ خطے کی معاشی اور سماجی ترقی میں بھی کلیدی کردار ادا کرے گا۔ جرگے کے اختتام پر تمام شرکاء نے اس بات پر اتفاق کیا کہ بلوچستان کی پائیدار خوشحالی کے لئے حکومت، سیکورٹی اداروں اور قبائلی عمائدین کا باہمی تعاون ناگزیر ہے۔ قبائلی عمائدین نے عزم ظاہر کیا کہ وہ تنازعات کے حل کے ساتھ ساتھ سماجی ہم آہنگی اور بھائی چارے کے فروغ کے لئے اپنا فعال کردار ادا کریں گے۔

پیغام میں انہوں نے کہا کہ ان جرگوں کے ذریعے عوام اور ریاست کے درمیان فاصلے کم ہو رہے ہیں جو نہ صرف امن و امان کی بہتری کا باعث ہے بلکہ ترقیاتی عمل کو بھی تیز کرنے میں مدد دے رہا ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ دہائیوں سے چلے آنے والے مسائل چند جرگوں سے ختم نہیں ہو سکتے تاہم یہ سلسلہ بلوچستان کو خوشحال، پرامن اور ترقی یافتہ بنانے کی مضبوط بنیاد فراہم کر رہا ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ان جرگوں میں عوام کے تمام طبقات، بالخصوص قبائلی عمائدین، خواتین اور نوجوانوں کو اپنی رائے کے اظہار کا موقع دیا جا رہا ہے تاکہ صوبے میں پائیدار امن، ہم آہنگی اور ترقی کی راہیں ہموار کی جا سکیں۔ وزیراعلیٰ نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ صوبائی حکومت عوامی شمولیت کے ساتھ بلوچستان کو ایک پرامن، خوشحال اور ترقی یافتہ صوبہ بنانے کے لئے اپنے تمام وسائل بروئے کار لائے گی۔



سبی: وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی سے گرینڈ جرگہ میں بزرگ شہری مصافحہ کر رہا ہے

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

THE DAILY INTEKHAB (HUB)
روزنامہ انتخاب
حب بلوچستان
رجسٹرڈ نمبر ایس سی I-3
قیمت 40 روپے — صفحات 8
www.dailyintekhab.pk
Hub Ph: 0853-363533
Karachi Ph: 021-32631089 & 32634518
جلد نمبر 37 | بروز جمعرات 11 ستمبر 2025ء بمطابق 17 ربیع الاول 1447ھ | شمارہ نمبر 248

Bullet No. 1

Page No. 6

# بلوچستان میں موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سے زرعی شعبہ متاثر ہو رہا ہے

میر سرفراز بگٹی

**بلوچستان میں زرعی انفراسٹرکچر، آبپاشی کے نظام اور مارکیٹ تک رسائی کو بہتر بنانے کے منصوبے مزید تیزی سے آگے بڑھائے جائیں گے، وزیراعلیٰ بلوچستان**

**جدید زرعی ٹیکنالوجی، موسمیاتی مزاحم فصلوں اور پائیدار آبپاشی کے نظام کے ذریعے صوبے میں زرعی پیداوار میں اضافہ اور غذائی تحفظ یقینی بنایا جاسکتا ہے**

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے یو این آئی ایف اے ڈی (بین الاقوامی زرعی ترقیاتی فنڈ) کی کنٹری ڈائریکٹر مس فرنانڈا تھوماز نے بدھ کو یہاں ملاقات کی۔ ملاقات میں غذائی تحفظ، زرعی ترقی اور دیہی معیشت کو مستحکم بنانے سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سب سے زیادہ زرعی شعبے پر مرتب ہو رہے ہیں، لہذا موسمیاتی موافق زرعی اقدامات کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے انہوں نے کہا کہ جدید زرعی ٹیکنالوجی، موسمیاتی مزاحم فصلوں اور پائیدار

بقیہ نمبر 47 صفحہ 7 پر

آبپاشی کے نظام کے ذریعے صوبے میں زرعی پیداوار میں اضافہ اور غذائی تحفظ یقینی بنایا جاسکتا ہے وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ دیہی علاقوں میں غربت کے خاتمے اور پائیدار ترقی کے لیے عالمی اداروں کا تعاون قابل تحسین ہے۔ انہوں نے کہا کہ خواتین اور نوجوانوں کو ہنرمند بنا کر دیہی معیشت کو مستحکم کیا جاسکتا ہے اور صوبائی حکومت اس مقصد کے لیے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے گی انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں زرعی انفراسٹرکچر، آبپاشی کے نظام اور مارکیٹ تک رسائی کو بہتر بنانے کے منصوبے مزید تیزی سے آگے بڑھائے جائیں گے تاکہ کسانوں کو اپنی پیداوار بہتر قیمت پر فروخت کرنے کے مواقع میسر آئیں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے یو این آئی ایف اے ڈی کے تعاون کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ صوبے میں زرعی ترقی اور دیہی خوشحالی کے لیے مشترکہ اقدامات مستقبل میں بھی جاری رہیں گے ملاقات کے اختتام پر وزیراعلیٰ بلوچستان نے یو این آئی ایف اے ڈی کی کنٹری ڈائریکٹر کو شیلڈ دی۔



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی اسمبلی کے اجلاس میں اظہار خیال کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے نئے تعینات ہونے والے آئی جی پولیس محمد طاہر ملاقات کر رہے ہیں

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIREC... GENERAL ... RELATIONS

نظامت اعلیٰ ... حکومت ...

Daily AZADI Quetta

روزنامہ آزادی کوئٹہ

بانی صدیق بلوچ

Bullet No. 1

Page No. 7

جلد نمبر۔24 | جمعہ 12 ستمبر 2025ء بمطابق 18 ربیع الاول 1447ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر۔248

# حکومت صوبے میں امن قائم رکھنے اور ترقی کے عمل کو آگے بڑھانے کیلئے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے

سول و عسکری قیادت

## صوبے کی ترقی وخوشحالی اسٹیک ہولڈرز کے باہمی تعاون کے بغیر ممکن نہیں، حکومت، سیکورٹی ادارے اور قبائلی عمائدین مل کر صوبے کو ترقی کے قومی دھارے میں شامل کریں، گورنر بلوچستان

## قبائلی روایات اور جرگہ سسٹم کی اہمیت کو تسلیم کرتے ہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان، سیکورٹی فورسز امن واستحکام کو یقینی بنانے کے ساتھ نوجوانوں کے لیے مثبت مواقع فراہم کرنے میں بھی اپنا کردار ادا کرتی رہیں گی، کور کمانڈر لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم

## بلوچستان کی پائیدار خوشحالی کے لیے حکومت، سیکورٹی اداروں اور قبائلی عمائدین کا باہمی تعاون ناگزیر ہے، تنازعات کے حل کے ساتھ ساتھ سماجی ہم آہنگی اور بھائی چارے کے فروغ کے لیے فعال کردار ادا کریں گے، قبائلی عمائدین کا جرگہ سے خطاب

سبی (خ ن) سبی میں ایک گرینڈ جرگہ منعقد ہوا، جس میں گورنر بلوچستان، وزیراعلیٰ بلوچستان، کور کمانڈر 12 کور، آئی جی ایف سی بلوچستان (نارتھ)، آئی جی پولیس بلوچستان، رکن قومی اسمبلی میاں خان بگٹی، صوبائی وزراء، چیف سیکرٹری بلوچستان اور سبی ڈویژن کے قبائلی عمائدین نے بھرپور شرکت کی۔ اس جرگے کا مقصد بلوچستان کو درپیش چیلنجز کے حل، امن واستحکام کے قیام، ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت اور عوامی فلاح و بہبود کے لیے ایک مؤثر اور مشترکہ لائحہ عمل ترتیب دینا تھا۔ اس دوران قبائلی

(بقیہ نمبر1 صفحہ نمبر2 پر)

رہنماؤں نے مقامی مسائل اور تجاویز پیش کیں، جنہیں حکومت اور سیکیورٹی اداروں کی جانب سے ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی یقین دہانی کرائی گئی۔ گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ صوبے کی ترقی اور خوشحالی سب اسٹیک ہولڈرز کے باہمی تعاون کے بغیر ممکن نہیں۔ انہوں نے زور دیا کہ حکومت، سیکیورٹی ادارے اور قبائلی عمائدین مل کر صوبے کو ترقی کے قومی دھارے میں شامل کریں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اپنے خطاب میں قبائلی روایات اور جرگہ سسٹم کی اہمیت کو تسلیم کرتے ہوئے کہا کہ حکومت عوام کے تعاون سے امن قائم رکھنے اور ترقی کے عمل کو آگے بڑھانے کے لیے ہر ممکن اقدامات اٹھا رہی ہے۔ کور کمانڈر 12 کور لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم احمد خان نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز امن و استحکام کو یقینی بنانے کے ساتھ نوجوانوں کے لیے مثبت مواقع فراہم کرنے میں بھی اپنا کردار ادا کرتی رہیں گی۔ جرگے کے دوران کوئٹہ-ڈھاڈر (N-65) روڈ کی توسیع اور ساختی بہتری کے منصوبے کا بھی افتتاح کیا گیا، جو نہ صرف ٹریفک کی روانی بہتر بنائے گا بلکہ خطے کی معاشی اور سماجی ترقی میں بھی کلیدی کردار ادا کرے گا۔ جرگے کے اختتام پر تمام شرکاء نے اس بات پر اتفاق کیا کہ بلوچستان کی پائیدار خوشحالی کے لیے حکومت، سیکیورٹی اداروں اور قبائلی عمائدین کا باہمی تعاون ناگزیر ہے۔ قبائلی عمائدین نے عزم ظاہر کیا کہ وہ تنازعات کے حل کے ساتھ ساتھ سماجی ہم آہنگی اور بھائی چارے کے فروغ کے لیے بھی اپنا فعال کردار ادا کریں گے۔

## دہائیوں سے چلے آنے والے مسائل چند جرگوں سے ختم نہیں ہوسکتے، وزیراعلیٰ

### بلوچستان کو خوشحال، پرامن اور ترقی یافتہ بنانے کی مضبوط بنیاد رکھ رہا ہے

کوئٹہ، (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ سبی میں منعقدہ امن جرگہ بلوچستان کے تمام ڈویژنز میں جاری اس سلسلے کی ایک کڑی ہے، جس کا مقصد ہر طبقے کی آواز کو سننا اور عوامی مسائل کے حل کے لیے مشترکہ لائحہ عمل ترتیب دینا ہے سماجی رابطے

(بقیہ نمبر23 صفحہ نمبر2 پر)

کی سائٹ ایکس پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ ان جرگوں کے ذریعے عوام اور ریاست کے درمیان فاصلے کم ہو رہے ہیں جو نہ صرف امن و امان کی بہتری کا باعث ہے بلکہ ترقیاتی عمل کو بھی تیز کرنے میں مدد دے رہا ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ دہائیوں سے چلے آنے والے مسائل چند جرگوں سے ختم نہیں ہو سکتے تاہم یہ سلسلہ بلوچستان کو خوشحال، پرامن اور ترقی یافتہ بنانے کی مضبوط بنیاد رکھ رہا ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ان جرگوں میں عوام کے تمام طبقات، بالخصوص قبائلی عمائدین، خواتین اور نوجوانوں کو اپنی رائے کے اظہار کا موقع دیا جا رہا ہے تاکہ صوبے میں پائیدار امن، ہم آہنگی اور ترقی کی راہیں ہموار کی جاسکیں وزیراعلیٰ نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ صوبائی حکومت عوامی شمولیت کے ساتھ بلوچستان کو ایک پرامن، خوشحال اور ترقی یافتہ صوبہ بنانے کے لیے اپنے تمام وسائل بروئے کار لائے گی۔



سبی، گورنر بلوچستان شیخ جعفر مندوخیل، وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی، کور کمانڈر بلوچستان لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم جرگے میں شریک ہیں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECT
GENERAL
RELATIONS B

نظامت اعلیٰ
حکومت

Bullet No. 1

Page No. 8

DAILY ZAMANA

روزنامہ زمانہ کوئٹہ

بانی: سید مسیح اقبال — رجسٹرڈ نمبر بی سی - ٹرنیڈ - 1

چیف ایڈیٹر: محمد حیدر امین

جلد 80 | جمعہ 12 ستمبر 2025ء 18 ربیع الاول 1447ھ | صفحات 6 | قیمت 20 روپے | شمارہ 249

# حکومت، سیکیورٹی ادارے اور قبائلی عمائدین مل کر صوبے کو ترقی دیں

## گورنر، وزیر اعلیٰ بلوچستان

### جرگہ سسٹم کی اہمیت کو تسلیم کرتے ہوئے حکومت عوام کے تعاون سے امن قائم رکھنے اور ترقی کے عمل کو آگے بڑھانے کے لیے ہر ممکن اقدامات اٹھا رہی ہے، سرفراز بگٹی

### سیکیورٹی فورسز امن و استحکام کو یقینی بنانے کے ساتھ نوجوانوں کے لیے مثبت مواقع فراہم کرنے میں بھی اپنا کردار ادا کرتی رہیں گی، کور کمانڈر

سبی، کوئٹہ (ناشاد بلوچ سے) سبی میں ایک گرینڈ جرگہ منعقد ہوا، جس میں گورنر بلوچستان، وزیر اعلیٰ بلوچستان، کور کمانڈر 12 کور، آئی جی ایف سی بلوچستان (نارتھ)، آئی جی پولیس بلوچستان، رکن قومی اسمبلی میاں خان بگٹی، صوبائی وزراء، چیف سیکرٹری بلوچستان اور سبی ڈویژن کے قبائلی عمائدین نے بھرپور شرکت کی۔ اس جرگے کا مقصد بلوچستان کو درپیش چیلنجز کے حل، امن و استحکام کے قیام، ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت اور عوامی فلاح و بہبود کے لیے ایک مؤثر اور مشترکہ لائحہ عمل ترتیب دینا تھا۔ اس دوران قبائلی رہنماؤں نے مقامی مسائل اور تجاویز پیش کیں، جنہیں حکومت اور سیکیورٹی اداروں کی جانب سے ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی یقین دہانی کرائی گئی۔ گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ صوبے کی ترقی اور خوشحالی سب اسٹیک ہولڈرز کے باہمی تعاون کے بغیر ممکن نہیں۔ انہوں نے زور دیا کہ حکومت، سیکیورٹی ادارے اور قبائلی عمائدین مل کر صوبے کو ترقی کے قومی دھارے میں شامل کریں۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اپنے خطاب میں قبائلی روایات اور جرگہ سسٹم کی اہمیت کو تسلیم کرتے ہوئے کہا کہ حکومت عوام کے تعاون سے امن قائم رکھنے اور ترقی کے عمل کو آگے بڑھانے کے لیے ہر ممکن اقدامات اٹھا رہی ہے۔ کور کمانڈر 12 کور لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم احمد خان نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز امن و استحکام کو یقینی بنانے کے ساتھ نوجوانوں کے لیے مثبت مواقع فراہم کرنے میں بھی اپنا کردار ادا کرتی رہیں گی۔ جرگے کے دوران کوئٹہ-ڈھاڈر (N-65) روڈ کی توسیع اور ساختی بہتری کے منصوبے کا بھی افتتاح کیا گیا، جو نہ صرف ٹریفک کی روانی بہتر بنائے گا بلکہ خطے کی معاشی اور سماجی ترقی میں بھی کلیدی کردار ادا کرے گا۔ جرگے کے اختتام پر تمام شرکاء نے اس بات پر اتفاق کیا کہ بلوچستان کی پائیدار خوشحالی کے لیے حکومت، سیکیورٹی اداروں اور قبائلی عمائدین کا باہمی تعاون ناگزیر ہے۔ قبائلی عمائدین نے عزم ظاہر کیا کہ وہ تنازعات کے حل کے ساتھ ساتھ سماجی ہم آہنگی اور بھائی چارے کے فروغ کے لیے بھی اپنا فعال کردار ادا کریں گے۔ مزید وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ہیسکوئی یارو میں کاؤنٹر ٹیررازم ڈپارٹمنٹ کی کامیاب کارروائی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے ادارے کی کارکردگی کو سراہا ہے انہوں نے کہا کہ سی ٹی ڈی نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے دہشت گردوں کے ناپاک عزائم کو ناکام بنایا اور عوام کو بڑے سانحے سے محفوظ رکھا وزیر اعلیٰ نے کہا ہیسکوئی یارو میں مارے گئے دہشت گرد مختلف دہشت گردانہ کارروائیوں میں ملوث تھے، جنہیں انجام دینے سے پہلے ہی کیفر کردار تک پہنچا دیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں امن کے قیام کے لئے سی ٹی ڈی اور دیگر سیکیورٹی اداروں کی قربانیاں اور خدمات قابل تحسین ہیں انہوں نے کہا کہ صوبے کے عوام کو پرامن ماحول فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے، اسی مقصد کے لئے تمام ادارے مربوط انداز میں اپنا کردار ادا کر رہے ہیں۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے عوام بھی دہشت گردوں کے عزائم کو ناکام بنانے میں سیکیورٹی اداروں کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں وزیر اعلیٰ نے واضح کیا کہ صوبے کے ہر کونے میں دیرپا امن کے قیام کے لئے اقدامات جاری رہیں گے اور دہشت گردوں یا ان کے سہولت کاروں کو قانون کی گرفت سے بچنے نہیں دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ بحالی امن کے لئے عوامی تعاون سب سے بڑی قوت ہے اور اسی تعاون کی بدولت بلوچستان کو پرامن، خوشحال اور ترقی یافتہ صوبہ بنایا جا رہا ہے۔



سبی، گورنر بلوچستان جعفر خان، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کور کمانڈر بلوچستان لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم احمد و دیگر سبی جرگے میں شریک ہیں



سبی، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سبی امن جرگے میں شریک مختلف شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کے سوالات کا جواب دے رہے ہیں

CamScanner

THE DAILY BAAKHABAR QUETTA

روزنامہ باخبر کوئٹہ

بانی اکرام اللہ خان

جلد 29 جمعہ 12 ستمبر 2025ء بمطابق 18 ربیع اوّل 1447ھ قیمت 20 روپے شمارہ 248


# صوبے کے ہر کونے میں دیرپا امن کیلئے اقدامات جاری رہیں گے، وزیر اعلیٰ

ہیکوکی یارو میں مارے گئے دہشت گرد مختلف دہشت گردانہ کارروائیوں میں ملوث تھے، جنہیں انجام دینے سے پہلے ہی کیفر کردار تک پہنچا دیا گیا

دہشت گردوں یا ان کے سہولت کاروں کو قانون کی گرفت سے بچنے نہیں دیا جائے گا، بحالی امن کے لئے عوامی تعاون سب سے بڑی قوت ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ہیکوکی یارو میں کاؤنٹر ٹیررازم ڈپارٹمنٹ کی کامیاب کارروائی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے ادارے کی کارکردگی کو سراہا ہے انہوں نے کہا کہ سی ٹی ڈی نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے دہشت گردوں کے ناپاک عزائم کو ناکام بنایا اور عوام کو بڑے سانحے سے محفوظ رکھا وزیر اعلیٰ نے کہا ہیکوکی یارو میں مارے گئے دہشت گرد مختلف دہشت گردانہ کارروائیوں میں ملوث تھے، جنہیں انجام دینے سے پہلے ہی کیفر کردار تک پہنچا دیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں امن کے قیام کے لئے سی ٹی ڈی اور دیگر سیکیورٹی اداروں کی قربانیاں اور خدمات قابل تحسین ہیں انہوں نے کہا کہ صوبے کے عوام کو پرامن ماحول فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے، اسی مقصد کے لئے تمام ادارے مربوط انداز میں اپنا کردار ادا کر رہے ہیں۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے عوام بھی دہشت گردوں کے عزائم کو ناکام بنانے میں سیکیورٹی اداروں کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں وزیر اعلیٰ نے واضح کیا کہ صوبے کے ہر کونے میں دیرپا امن کے قیام کے لئے اقدامات جاری رہیں گے اور دہشت گردوں یا ان کے سہولت کاروں کو قانون کی گرفت سے بچنے نہیں دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ بحالی امن کے لئے عوامی تعاون سب سے بڑی قوت ہے اور اسی تعاون کی بدولت بلوچستان کو پرامن، خوشحال اور ترقی یافتہ صوبہ بنایا جا رہا ہے۔

## وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی وزراء کے ہمراہ آج اسلام آباد جائیں گے

کوئٹہ (اے این این) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی وزراء کے ہمراہ آج اسلام آباد جائیں گے جہاں پر ایک خصوصی اجلاس میں شرکت کرینگے اور کل کراچی جا کر ڈپٹی سپیکر بلوچستان اسمبلی جو اس وقت علیل ہے اور ایک نجی ہسپتال میں زیر علاج ہے ان کی عیادت کرے گا ساتھ میں وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ اور دیگر سے ملاقاتیں کریں گے۔

## سبی میں منعقدہ امن جرگہ تمام ڈویژنز میں جاری سلسلے کی ایک کڑی ہے، وزیر اعلیٰ

جرگوں کے ذریعے عوام اور ریاست کے درمیان فاصلے کم ہو رہے ہیں جو امن وامان کی بہتری کا باعث ہے

کوئٹہ (آئی این پی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ سبی میں منعقدہ امن جرگہ بلوچستان کے تمام ڈویژنز میں جاری اس سلسلے کی ایک کڑی ہے، جس کا مقصد ہر طبقے کی آواز کو سننا اور عوامی مسائل کے حل کے لیے مشترکہ لائحہ عمل ترتیب دینا ہے سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ ان جرگوں کے ذریعے عوام اور ریاست کے درمیان فاصلے کم ہو رہے ہیں جو نہ صرف امن وامان کی بہتری کا باعث ہے بلکہ ترقیاتی عمل کو بھی تیز کرنے میں مدد دے رہا ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ دہائیوں سے چلے آنے والے مسائل چند جرگوں سے ختم نہیں ہو سکتے تاہم یہ سلسلہ بلوچستان کو خوشحال، پرامن اور ترقی یافتہ بنانے کی مضبوط بنیاد رکھ رہا ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ان جرگوں میں عوام کے تمام طبقات، بالخصوص قبائلی عمائدین، خواتین اور نوجوانوں کو اپنی رائے کے اظہار کا موقع دیا جا رہا ہے تاکہ صوبے میں پائیدار امن، ہم آہنگی اور ترقی کی راہیں ہموار کی جا سکیں وزیر اعلیٰ نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ صوبائی حکومت عوامی شمولیت کے ساتھ بلوچستان کو ایک پرامن، خوشحال اور ترقی یافتہ صوبہ بنانے کے لیے اپنے تمام وسائل بروئے کار لائے گی۔



سبی، گورنر شیخ جعفر خان مندوخیل، وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کور کمانڈر بلوچستان لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم احمد خان اور دیگر سبی جرگے میں شریک ہیں



سبی، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سبی امن جرگے میں شریک مختلف شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کے سوالات کا جواب دے رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No. 1 | Page No. 10


روزنامہ میزان کوئٹہ

بانی: مولانا عبدالکریم

بیاد: حسین الرحمن

چیف ایڈیٹر: برکت علی

جلد 77 | جمعۃ المبارک 12 ستمبر 2025ء، 18 ربیع الاول 1447ھ | قیمت 20 روپے | شمارہ 11


# صوبے کی عوام کو پرامن ماحول فراہم کرنا اولین ترجیح ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

اسی مقصد کیلئے تمام ادارے مربوط انداز میں اپنا کردار ادا کر رہے ہیں۔ بلوچستان کے عوام بھی دہشتگردوں کے عزائم کو ناکام بنانے میں سیکیورٹی اداروں کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں صوبے کے ہر کونے میں دیرپا امن کے قیام کیلئے اقدامات جاری رہیں گے

دہشت گردوں یا ان کے سہولت کاروں کو قانون کی گرفت سے بچنے نہیں دیا جائے گا۔ بحالی امن کے لئے عوامی تعاون سب سے بڑی قوت ہے، میر سرفراز بگٹی کا ہیکوئی یارو میں کاؤنٹر ٹیررازم ڈپارٹمنٹ کی کامیاب کارروائی پر اطمینان کا اظہار

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ہیکوئی یارو میں کاؤنٹر ٹیررازم ڈپارٹمنٹ کی کامیاب کارروائی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے ادارے کی کارکردگی کو سراہا ہے انہوں نے کہا کہ سی ٹی ڈی نے (بقیہ 2 صفحہ 2 پر)

بروقت کارروائی کرتے ہوئے دہشت گردوں کے ناپاک عزائم کو ناکام بنایا اور عوام کو بڑے سانحے سے محفوظ رکھا وزیراعلیٰ نے کہا ہیکوئی یارو میں مارے گئے دہشت گرد مختلف دہشت گردانہ کارروائیوں میں ملوث تھے، جنہیں انجام دینے سے پہلے ہی کیفر کردار تک پہنچا دیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں امن کے قیام کے لئے سی ٹی ڈی اور دیگر سیکیورٹی اداروں کی قربانیاں اور خدمات قابل تحسین ہیں انہوں نے کہا کہ صوبے کے عوام کو پرامن ماحول فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے، اسی مقصد کے لئے تمام ادارے مربوط انداز میں اپنا کردار ادا کر رہے ہیں۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے عوام بھی دہشت گردوں کے عزائم کو ناکام بنانے میں سیکیورٹی اداروں کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں وزیراعلیٰ نے واضح کیا کہ صوبے کے ہر کونے میں دیرپا امن کے قیام کے لئے اقدامات جاری رہیں گے اور دہشت گردوں یا ان کے سہولت کاروں کو قانون کی گرفت سے بچنے نہیں دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ بحالی امن کے لئے عوامی تعاون سب سے بڑی قوت ہے اور اسی تعاون کی بدولت بلوچستان کو پرامن، خوشحال اور ترقی یافتہ صوبہ بنایا جا رہا ہے۔

## جرگوں کے ذریعے عوام اور ریاست کے درمیان فاصلے کم ہو رہے ہیں سرفراز بگٹی

سبی میں منعقدہ امن جرگہ بلوچستان کے تمام ڈویژنز میں جاری اس سلسلے کی ایک کڑی ہے، سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر پیغام

جو نہ صرف امن و امان کی بہتری کا باعث ہے بلکہ ترقیاتی عمل کو بھی تیز کرنے میں مدد دے رہا ہے، دہائیوں سے چلے آنے والے مسائل چند جرگوں سے ختم نہیں ہو سکتے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ سبی میں منعقدہ امن جرگہ بلوچستان کے تمام ڈویژنز میں جاری اس سلسلے کی ایک کڑی ہے، جس کا مقصد ہر طبقے کی آواز کو سننا اور عوامی مسائل کے حل کے لیے مشترکہ لائحہ عمل ترتیب دینا ہے سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ ان جرگوں کے ذریعے عوام اور ریاست کے درمیان فاصلے کم ہو رہے ہیں جو نہ صرف امن و امان کی (بقیہ 35 صفحہ 7 پر)



سبی: وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سبی امن جرگے میں شریک مختلف شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کے سوالات کا جواب دے رہے ہیں۔

بہتری کا باعث ہے بلکہ ترقیاتی عمل کو بھی تیز کرنے میں مدد دے رہا ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ دہائیوں سے چلے آنے والے مسائل چند جرگوں سے ختم نہیں ہو سکتے تاہم یہ سلسلہ بلوچستان کو خوشحال، پرامن اور ترقی یافتہ بنانے کی مضبوط بنیاد رکھ رہا ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ان جرگوں میں عوام کے تمام طبقات، بالخصوص قبائلی عمائدین، خواتین اور نوجوانوں کو اپنی رائے کے اظہار کا موقع دیا جا رہا ہے تاکہ صوبے میں پائیدار امن، ہم آہنگی اور ترقی کی راہیں ہموار کی جا سکیں وزیراعلیٰ نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ صوبائی حکومت عوامی شمولیت کے ساتھ بلوچستان کو ایک پرامن، خوشحال اور ترقی یافتہ صوبہ بنانے کے لیے اپنے تمام وسائل بروئے کار لائے گی۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

روزنامہ میزان کوئٹہ

Page No. 11

جمعۃ المبارک 12 ستمبر 2025ء، 18 ربیع الاول 1447ھ

# سبی، گرینڈ جرگہ میں گورنر، وزیراعلیٰ، کور کمانڈر سمیت دیگر رہنماؤں کی شرکت

## جرگے کا مقصد بلوچستان کو درپیش چیلنجز کے حل، امن واستحکام کے قیام، ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت اور عوامی فلاح و بہبود کے لیے ایک مؤثر اور مشترکہ لائحہ عمل ترتیب دینا تھا

## صوبے کی ترقی اور خوشحالی سب اسٹیک ہولڈرز کے باہمی تعاون کے بغیر ممکن نہیں، قبائلی روایات [illegible] اور سرفراز بگٹی کا خطاب

سبی (خ ن) سبی میں ایک گرینڈ جرگہ منعقد ہوا، جس میں گورنر بلوچستان، وزیر اعلیٰ بلوچستان، کور کمانڈر 12 کور، آئی جی ایف سی بلوچستان (نارتھ)، آئی جی پولیس بلوچستان، رکن قومی اسمبلی میاں خان بگٹی، صوبائی وزراء، چیف سیکرٹری بلوچستان اور سبی ڈویژن کے قبائلی عمائدین نے بھرپور شرکت کی۔ اس جرگے کا مقصد بلوچستان کو درپیش چیلنجز کے حل، امن و استحکام کے (بقیہ 6 صفحہ 2 پر)

قیام، ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت اور عوامی فلاح و بہبود کے لیے ایک مؤثر اور مشترکہ لائحہ عمل ترتیب دینا تھا۔ اس دوران قبائلی رہنماؤں نے مقامی مسائل اور تجاویز پیش کیں، جنہیں حکومت اور سیکیورٹی اداروں کی جانب سے ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی یقین دہانی کرائی گئی۔ گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ صوبے کی ترقی اور خوشحالی سب اسٹیک ہولڈرز کے باہمی تعاون کے بغیر ممکن نہیں۔ انہوں نے زور دیا کہ حکومت، سیکیورٹی ادارے اور قبائلی عمائدین مل کر صوبے کو ترقی کے قومی دھارے میں شامل کریں۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اپنے خطاب میں قبائلی روایات اور جرگہ سسٹم کی اہمیت کو تسلیم کرتے ہوئے کہا کہ حکومت عوام کے تعاون سے امن قائم رکھنے اور ترقی کے عمل کو آگے بڑھانے کے لیے ہر ممکن اقدامات اٹھا رہی ہے۔ کور کمانڈر 12 کور لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم احمد خان نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز امن و استحکام کو یقینی بنانے کے ساتھ نوجوانوں کے لیے مثبت مواقع فراہم کرنے میں بھی اپنا کردار ادا کرتی رہیں گی۔ جرگے کے دوران کوئٹہ-ڈھاڈر (N-65) روڈ کی توسیع اور ساختی بہتری کے منصوبے پر بھی اتفاق کیا گیا، جو نہ صرف ٹریفک کی روانی بہتر بنائے گا بلکہ خطے کی معاشی اور سماجی ترقی میں بھی کلیدی کردار ادا کرے گا۔ جرگے کے اختتام پر تمام شرکاء نے اس بات پر اتفاق کیا کہ بلوچستان کی پائیدار خوشحالی کے لیے حکومت، سیکیورٹی اداروں اور قبائلی عمائدین کا باہمی تعاون ناگزیر ہے۔ قبائلی عمائدین نے عزم ظاہر کیا کہ وہ تنازعات کے حل کے ساتھ ساتھ سماجی ہم آہنگی اور بھائی چارے کے فروغ کے لیے بھی اپنا فعال کردار ادا کریں گے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 12 SEP 2025 Page No. 12


## عوام کو سہولیات کی فراہمی کیلئے اقدامات کا سلسلہ جاری رہیگا، شعیب نوشیروانی

### صوبائی مشیر بلدیات کی وزیر خزانہ سے ملاقات، محکمہ بلدیات کے بجٹ سے متعلق امور پر تفصیلی بات چیت

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبائی مشیر بلدیات نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری کی صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات میر شعیب نوشیروانی سے ملاقات، ملاقات میں محکمہ بلدیات کو درپیش بجٹ سے متعلق امور پر تفصیلی بات چیت ہوئی، اس موقع پر نوابزادہ امیر حمزہ زہری نے وزیر خزانہ کو محکمہ بلدیات کو بجٹ کی تقسیم، ترقیاتی اسکیموں اور فیلڈ میں درپیش مالی رکاوٹوں سے آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ بلدیاتی نظام کو فعال بنانے کے لیے مالی معاونت ناگزیر ہے، صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی نے محکمہ بلدیات کے مالی مسائل کے حل کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ حکومت تمام محکموں کو وسائل کی منصفانہ تقسیم کو یقینی بنانے کے لیے اقدامات کر رہی ہے۔ ملاقات میں دونوں رہنماؤں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ عوام کو بہتر بلدیاتی سہولیات کی فراہمی کے لیے اقدامات کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔

MASHRIQ QUETTA

## قائداعظم کے اصولوں پر عمل سے ہی ملک ترقی کرسکتا ہے، بخت محمد کاکڑ

### بلوچستان میں ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کو جدید خطوط پر استوار کیا جارہا ہے، صوبائی وزیر صحت

کوئٹہ (اے این این) وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کی جدوجہد اور قیادت ہی وہ بنیاد ہے، جس پر پاکستان وجود میں آیا، ان کا یوم وفات ہمیں اس بات کی یاددہانی کراتا ہے کہ ہمیں اپنے بزرگوں کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کرنا چاہیے، یوم قائد کے موقع پر اپنے پیغام میں بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ قائداعظم .......... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

کے سنہرے اصول "ایمان، اتحاد اور قربانی" آج بھی ہماری قومی و اجتماعی زندگی میں رہنمائی فراہم کررہے ہیں اگر ہم ان اصولوں پر عمل کریں تو پاکستان کو دنیا کے ترقی یافتہ اور خوشحال ممالک کی صف میں کھڑا کرسکتے ہیں، وزیر صحت نے کہا کہ قائداعظم نے ہمیں ایک آزاد مملکت کا تحفہ دیا جہاں ہر شہری کو تعلیم، صحت اور روزگار کے یکساں مواقع حاصل ہونے چاہئیں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ صوبہ بلوچستان میں صحت کے شعبے کو جدید خطوط پر استوار کیا جارہا ہے

## ایسی پالیسی لائیں گے جس سے غریب عوام کو فائدہ ہو، بابا غلام رسول عمرانی

### تمام اقدامات مکمل جلد پالیسی کا اعلان کریں گے، مشیر وزیراعلیٰ لیبر اینڈ مین پاور

کوئٹہ (اے این این) وزیراعلیٰ بلوچستان کے مشیر برائے لیبر اینڈ پاور بابا غلام رسول عمرانی نے کہا ہے کہ لیبر پالیسی پر عملدرآمد کرنے کے لئے جلد پالیسی ترتیب دی جائے گی اور اس سلسلے میں وزیراعلیٰ بلوچستان کی بھی خصوصی ہدایت ہے کہ بلوچستان سے غربت اور مہنگائی کے خاتمے کے لئے ایک ایسی پالیسی کی ضرورت ہے جو ان مسائل پر جلد قابو .......... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

پاسکے لیبر پالیسی کے حوالے سے جلد پریس کانفرنس کے ذریعے اعلان کرینگے، یہ بات انہوں نے صحافیوں کے ایک وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہی، انہوں نے کہا کہ موجودہ مہنگائی کی مناسبت سے مختلف ادارے اور خاص کردہ سرکاری ادارے جو ان کے ساتھ عارضی طور پر ملازمین ہے انکی تنخواہیں نہ ہونے کے برابر ہیں کیونکہ ایک طرف مہنگائی عروج پر ہے دوسری جانب غریب عوام کی تنخواہ نہ ہونے کے برابر ہے

CamScanner

## بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج ہوگا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس ایک دن کے وقفے کے بعد آج سہ پہر تین بجے ہوگا، اجلاس میں عوامی نیشنل پارٹی کے رکن ملک نعیم بازئی افغبرگ کی تحصیل کا درجہ دینے، میر زابد علی ریکی وفاقی کی حکومت سے رجوع کرکے نوکنڈی تا ماشکیل 102 کلومیٹر روڈ کی تعمیر جلد مکمل کرنے اور جمعیت علما اسلام کی رکن شاہدہ رؤف کی بلوچستان لینڈ ریونیو ایکٹ 1967 کا جامع جائزہ لے کر اس میں دور حاضر کے تقاضوں کے مطابق اصلاحات متعارف کرانے اور بلوچستان لینڈ ریکارڈ اینڈ مینجمنٹ اتھارٹی کے نام سے نیا قانون بنانے سے متعلق الگ الگ قراردادیں پیش کی جائیں گی۔ وقفہ سوالات میں محکمہ آبپاشی اور محکمہ مواصلات و تعمیرات سے متعلق سوالات کے جوابات دیئے جائیں گے جبکہ جماعت اسلامی کے رکن مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ گوادر کے ڈسٹرکٹ اسپتال، آر ایچ سی اورماڑہ، ایچ ایچ سی جیونی اور آئی ایچ سی سربندن کیلئے تین سال کے دوران فراہم کردہ سے متعلق توجہ دلاؤ نوٹس جبکہ قائد حزب اختلاف میر یونس عزیز زہری قاعدہ 233 کے تحت قواعد انضباط کار بلوچستان صوبائی اسمبلی مجریہ 1974ء میں مجوزہ ترامیم پیش کریں گے۔ اجلاس میں بلوچستان انسٹیٹیوٹ آف نیفرو یورولوجی کا ترمیمی مسودہ قانون مصدرہ 2025 مسودہ قانون نمبر 26 مصدرہ 2025 کو مجلس کی سفارشات کے بموجب منظوری کے لئے پیش کیا جائے گا۔

## سابق ڈائریکٹر جنرل ایگریکلچر ایکسٹینشن اور ڈائریکٹر اکنامک اینڈ مارکیٹنگ ایگریکلچر گرفتار

**محکمہ زراعت مارکیٹ کمیٹی بنیادی لاگت کی ہیرا پھیری زائد فیس وصولی اور ٹھیکوں میں بے ضابطگیوں کے الزامات ہیں**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) اینٹی کرپشن بلوچستان نے محکمہ زراعت مارکیٹ کمیٹی میں کرپشن کے الزام میں سابق ڈائریکٹر جنرل ایگریکلچر ایکسٹینشن اور سابق ڈائریکٹر اکنامک اینڈ مارکیٹنگ ایگریکلچر کو گرفتار کر لیا اینٹی کرپشن ذرائع کے مطابق آل بلوچستان سبزی فروٹ وسبزی کمیشن ایجنٹس ایسوسی ایشن کے صدر نے چیف سیکرٹری کو ایک درخواست دی تھی جس میں الزامات عائد کئے تھے کہ محکمہ زراعت مارکیٹ کمیٹی بنیادی لاگت کی ہیرا پھیری زائد فیس وصولی اور ٹھیکوں میں بے ضابطگی کی گئیں ہیں جس پر چیف سیکرٹری بلوچستان نے ڈائریکٹر جنرل اینٹی کرپشن بلوچستان عبدالواحد کاکڑ کو انکوائری کرنے کی ہدایت کی جس پر ڈی جی نے ڈپٹی ڈائریکٹر عظیم انجم کی سربراہی میں انکوائری کمیٹی تشکیل دی تھی کمیٹی نے گزشتہ روز انکوائری رپورٹ ڈی جی کو پیش کی رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ سابق ڈی جی ایگریکلچر ایکسٹینشن عرفان علی بختیاری اور سابق ڈائریکٹر اکنامک اینڈ ایم منیر احمد کاسی نے اختیارات کا ناجائز استعمال کرتے ہوئے 15 جون 2023 کو جاری بیس ریٹس میں 36 گنا غیر معمولی اضافہ کیا گیا، ٹھیکوں کی الاٹمنٹ میں بے ضابطگیاں ہوئیں، بی پی پی آر اے قواعد اور بلوچستان ایگریکلچر پروڈیوس مارکیٹ ایکٹ 1991 کو نظر انداز کیا گیا رپورٹ کی روشنی میں اینٹی کرپشن نے مقدمہ درج کرکے سابق ڈی جی ایگریکلچر ایکسٹینشن عرفان علی بختیاری اور سابق ڈائریکٹر اکنامک اینڈ ایم منیر احمد کاسی کو گرفتار کر لیا ذرائع نے بتایا کہ مزید اہم گرفتاریوں کا بھی امکان ہے۔

## ایڈیشنل آئی جی پولیس کا جونیئر کے ماتحت کام کرنے سے انکار، تبادلے کیلئے خط لکھ دیا

**محمد طاہر خان میرے ماتحت کام کر چکے ہیں اور رولز کے مطابق سینئر جونیئر کے ماتحت کام نہیں کرتا، سعید وزیر خان کا چیف سیکرٹری کو خط**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) جونیئر آفیسر کے ماتحت کام نہیں کر سکتا ایڈیشنل آئی جی پولیس بلوچستان نے چیف سیکرٹری بلوچستان کو ٹرانسفر کیلئے خط لکھ دیا۔ ذرائع کے مطابق ایڈیشنل آئی جی پولیس بلوچستان سعید وزیر خان نے چیف سیکرٹری بلوچستان کو ایک خط لکھا ہے جس میں انہوں نے بتایا کہ نئے تعینات ہونے والی انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان محمد طاہر خان ایک تجربہ کار محنتی اور پیشہ وار پولیس آفیسر ہیں اور اپنی پیشہ وارانہ صلاحیتوں سے بلوچستان میں امن و امان کو بہتر بنانے میں اہم کردار ادا کریں گے تاہم وہ 26 کامن کے ہیں جبکہ میں 23 کامن کا ہوں محمد طاہر خان میرے ماتحت کام کر چکے ہیں اور رولز کے مطابق بھی سینئر جونیئر کے ماتحت کام نہیں کرتا حکومت بلوچستان میری درخواست پر غور کرتے ہوئے مجھے بلوچستان پولیس سے ٹرانسفر کیا جائے۔

MASHRIQ QUETTA

## ریلوے کے محنت کش ادارے کا اصل اثاثہ ہیں، ڈی ایس کوئٹہ

**ملازمین کو درپیش مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کئے جائیں گے، عمران حیات**

**پریم یونین کے صدر ارشد یوسفزئی کی قیادت میں ملنے والے وفد سے گفتگو**

کوئٹہ (پ ر) ریلوے پریم یونین نے کوئٹہ ڈویژن کے ملازمین کو ایریرز کی ادائیگی کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ کوئٹہ ڈویژن کے ٹی ایل اے سٹاف کو تاحال اضافی تنخواہوں کے بقایہ جات ادا نہیں ہوئے جبکہ باقی ڈویژنز کے ملازمین کو بقایہ جات مل چکے ہیں، ان خیالات کا اظہار پریم یونین کے صوبائی صدر ارشد یوسفزئی، ڈاکٹر عبداللہ شاہوانی، عطاء اللہ.......... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچ کے ہمراہ ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ پاکستان ریلوے کوئٹہ ڈویژن عمران حیات خان سے ملاقات کی۔ وفد نے انہیں پاکستان ریلوے ایمپلائز (پریم) یونین کے مرکزی صدر شیخ محمد انور کی جانب سے تحریری مطالبہ پیش کرتے ہوئے بتایا کہ کوئٹہ ڈویژن میں جو ٹی ایل اے سٹاف کام کر رہا ہے ان کی تنخواہوں میں جو اضافہ ہوا تھا ان کا ایریرز ابھی تک ملازمین کو نہیں ملا جبکہ باقی ڈویژنز کے ملازمین کو مل چکا ہے۔ اس لئے ڈی ایس کوئٹہ ڈی اے او اور ڈی پی او پر مشتمل کمیٹی تشکیل دیں ایگزامن کروا کر ایریرز بنوا کر ہیڈ کوارٹر بھجوادیں

## موسیٰ خیل پوست کیخلاف آپریشن جاری، 80 ایکڑ سے زائد فصل تلف، غیرقانونی سامان برآمد

موسیٰ خیل (یو این اے) ضلعی انتظامیہ موسیٰ خیل کی جانب سے پوست کی کاشت کے خلاف آپریشن بلا تعطل جاری ہے گزشتہ روز اسسٹنٹ کمشنر موسیٰ خیل کی قیادت میں دو الگ الگ کارروائیوں میں 35 سے 140 ایکڑ پر کاشت کی گئی پوست کی فصل تلف کردی گئی جبکہ وہاں بنائے گئے ٹھکانے مسمار کرکے آگ لگا دی گئی۔ آپریشن کے دوران اب تک 80 سولر پلیٹس، 10 سمرسیبل پمپ، 5 انورٹرز قبضے میں لئے گئے ہیں

## حب ڈیم میں پانی کی سطح بلند، ضلعی انتظامیہ نے الرٹ جاری کردیا

**پانی کا اخراج کسی بھی وقت ہوسکتا ہے، ندی کے رہائشیوں کو فوری منتقلی کی ہدایت**

حب (خ ن) حب میں طوفانی بارشوں سے ڈیم میں پانی کی سطح بلند ہونے پر ڈپٹی کمشنر نے شہریوں کیلئے ایڈوائزری جاری کردی ہے ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن کے جاری کردہ ہینڈ آؤٹ میں کہا گیا ہے .......... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

کسی بھی وقت اسپل وے سے سیلابی پانی کا اخراج شروع ہوسکتا ہے حب ندی کے رہائشیوں کو فوری طور پر محفوظ مقام پر منتقل ہونے کی ہدایت کی گئی ہے ضلعی انتظامیہ نے الرٹ جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ وریجی اور سارونہ میں شدید بارشوں کے باعث حب ڈیم میں پانی کی سطح 338 فٹ تک پہنچ گئی ہے اسپل وے سے پانی اخراج کیلئے صرف ایک فٹ گنجائش باقی رہ گئی ہے کسی بھی وقت اسپل وے سے پانی کا اخراج شروع ہوسکتا ہے

MASHRIQ QUETTA

## ایف آئی اے کی کارروائی غیرقانونی منی ایکسچینج میں ملوث 4 افراد گرفتار

**گرفتار ہونیوالے بین الاقوامی گینگ کا حصہ ہیں، ملزمان کے قبضے سے ریکارڈ، 5 موبائل فونز برآمد**

**ملزمان سے تفتیش شروع کر دی گئی دیگر ساتھیوں کی گرفتاری کے لئے بھی چھاپے مارے جا رہے ہیں**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ایف آئی اے کمرشل بینکنگ سرکل کوئٹہ نے کارروائی کرتے ہوئے حوالہ ہنڈی اور غیرقانونی منی ایکسچینج میں ملوث بین الاقوامی گینگ کے 4 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ ایف آئی اے بلوچستان کے ترجمان کے مطابق ایف آئی اے کمرشل بینکنگ سرکل کوئٹہ نے مختلف کارروائیوں کے دوران حوالہ ہنڈی میں ملوث منظم گینگ کے 4 ملزمان محمد یعقوب، تاج محمد، رحمت اللہ اور حکمت اللہ کو گرفتار کرلیا ملزمان کے قبضے سے غیر ملکی کرنسی کی غیر قانونی ایکسچینج سے متعلق ریکارڈ برآمد کرلیا گیا۔ ترجمان نے بتایا کہ گرفتار ملزمان سے 5 مو.......... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

بائل فونز اور حوالہ ہنڈی سے متعلق شواہد بھی برآمد کر لیے گئے ہیں گرفتار ملزمان حوالہ ہنڈی میں ملوث بین الاقوامی گینگ کا حصہ ہیں ملزمان کو گرفتار کرکے تفتیش شروع کردی گئی ہے جبکہ ملزمان کے دیگر ساتھیوں کی گرفتاری کے لئے بھی چھاپے مارے جا رہے ہیں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 12 SEP 2025 Page No. 14

# بیوٹیفکیشن پلان کی تکمیل سے کوئٹہ جدید شہر میں ڈھل جائیگا، کمشنر

متعلقہ ادارے موثر کوآرڈینیشن کے ذریعے کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکج و بیوٹیفکیشن پلان منصوبوں کی بروقت تکمیل یقینی بنائیں' شاہزیب خان کاکڑ

زیر صدارت اجلاس میں سائنس کالج، سمنگلی روڈ' سریاب روڈ پر بجلی کے پولز کھمبوں و دیگر یوٹیلٹی سروسز کی منتقلی کے حوالے سے اقدامات کا جائزہ

کوئٹہ (خ ن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ کی زیر صدارت کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکج اور کوئٹہ بیوٹیفکیشن پلان کے منصوبوں پر کام کی پیشرفت اور حائل رکاوٹوں کے حوالے سے ایک اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کیپٹن (ر) مہراللہ بادینی، ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ کوئٹہ ڈویژن ظہور احمد، پروجیکٹ ڈائریکٹر کیو ڈی پی رفیق بلوچ سمیت کیسکو، سوئی سدرن گیس کمپنی، پی ٹی سی ایل اور این ٹی سی کے افسران بھی شریک ہوئے اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ کوئٹہ بیوٹیفکیشن پلان اور کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکج کے منصوبوں پر کام کی رفتار کو مزید تیز کیا جائے......... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

اور اس سلسلے میں تمام یوٹیلٹی سروسز کی بروقت منتقلی کو یقینی بنایا جائے تاکہ منصوبوں کی تکمیل میں کوئی رکاوٹ درپیش نہ آئے اجلاس میں گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ سائنس کالج، سمنگلی روڈ اور سریاب روڈ پر بجلی کے پولز کھمبوں اور دیگر یوٹیلٹی سروسز کی منتقلی کے حوالے سے اقدامات کا جائزہ لیا گیا اس موقع پر کہا گیا کہ یوٹیلٹی سروسز کی بروقت منتقلی سے منصوبوں کی رفتار میں تیزی آئے گی اور ٹریفک سے متعلق سہولیات میں بہتری آئے گی اسی طرح ایئرپورٹ روڈ پر بجلی کے کھمبوں کی فوری منتقلی کے اقدامات پر بھی زور دیا گیا۔

# پلاسٹک تھیلوں پر مکمل پابندی بھرپور کارروائی عمل میں لائی جائے' ڈی سی کوئٹہ

تندوروں پر پلاسٹک تھیلوں کا استعمال کسی صورت برداشت نہیں' مہر اللہ بادینی

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی زیر صدارت پرائس کنٹرول، ممنوعہ پلاسٹک تھیلوں پر پابندی اور غیر قانونی افغانی اسکولوں کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں تمام اسسٹنٹ کمشنران اور مجسٹریٹس نے شرکت کی۔ اجلاس میں انتظامیہ افسران نے پرائس کنٹرول اقدامات، پلاسٹک تھیلوں کے خلاف کارروائیوں......... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

، غیر قانونی افغانی اسکولوں کی بندش اور شہر کے گنجان علاقوں میں قائم منی پیٹرول پمپس کے خلاف کی گئی کارروائیوں پر ماہانہ رپورٹ پیش کی۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی نے کہا کہ ممنوعہ پلاسٹک تھیلوں پر مکمل پابندی ہے اور اس حوالے سے مزید مؤثر اور بھرپور کارروائیاں عمل میں لائی جائیں، بالخصوص تندوروں پر پلاسٹک تھیلوں کے استعمال کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے پرائس کنٹرول، منی پیٹرول پمپس کے خلاف سخت اقدامات اور غیر قانونی افغانی اسکولوں کی فوری بندش کے احکامات بھی جاری کیے۔

# قیدیوں کی اصلاح کیلئے موثر اقدامات اٹھا رہے ہیں' آئی جی جیل خانہ جات

قیدیوں کو منشیات کے استعمال سے باز رکھنے کیلئے جیل انتظامیہ کی کاوشیں جاری ہیں

مچھ جیل انتظامیہ نے کینٹین ٹھیکیدار کو منشیات اسمگل کرتے ہوئے رنگے ہاتھوں گرفتار کرلیا' بیان

کوئٹہ (خ ن) انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات بلوچستان کے جاری کردہ ایک بیان میں کہا گیا ہے سنٹرل جیل میں قیدیوں کی اصلاح و تربیت کے لئے مختلف شعبہ جات جیسے فرنیچر، بوٹ میکنگ، ویلڈنگ اور دیگر ہنر سکھائے جا رہے ہیں تاکہ قیدیان رہائی کے بعد باعزت شہری بن کر معاشرے کا مفید حصہ بن سکیں قیدیوں کو منشیات کے استعمال......... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

سے باز رکھنے اور معاشرتی برائیوں سے بچانے کیلئے جیل انتظامیہ کی کاوشیں جاری ہیں انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات بلوچستان نے قیدیوں کی سرگرمیوں کو بہتر بنانے اور جیلوں کے اندر منشیات کی روک تمام کیلئے سخت اقدامات اٹھانے کی ہدایت کی ہے ان ہدایات پر عمل کرتے ہوئے جیل حکام نے سال 2025-26ء کے کینٹین ٹھیکیدار مچھ جیل شریف حاصل ولد حاصل کو اندرون جیل پارسل کی تلاشی کے دوران منشیات اسمگل کرتے ہوئے رنگے ہاتھوں گرفتار کیا گیا ملزم کے خلاف مقدمہ ایف آئی آر نمبر 42/2025 تھانہ سٹی پولیس کے تحت درج کرلیا گیا ہے انسپکٹر جنرل نے جیل انتظامیہ کو ہدایت کی ہے کہ جیلوں کے اندر ایسے عناصر کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے تاکہ قیدیوں کی اصلاح کے عمل میں کوئی رکاوٹ نہ آسکے۔

# 200 لیٹر ملاوٹی دودھ' 200 کلو غیر صحت بخش دہی اور خشک دودھ برآمد

بلوچستان فوڈ اتھارٹی نے کوئٹہ شہر میں ملاوٹی دودھ کے خلاف خصوصی ملک ٹیسٹنگ مہم کا آغاز کردیا

مختلف علاقوں میں دودھ اور دہی کے نمونوں میں خشک پاؤڈر اور پانی کی بھاری مقدار کی ملاوٹ ثابت

ملاوٹ مافیا کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا، عوامی تعاون کے بغیر یہ مہم کامیاب نہیں ہوسکتی، ڈی جی

کوئٹہ 1 (خ ن) بلوچستان فوڈ اتھارٹی (بی ایف اے) نے ملاوٹی دودھ کے خلاف خصوصی ملک ٹیسٹنگ مہم کا آغاز کردیا ہے جو 10 سے 25 ستمبر تک جاری رہے گی۔ اس حوالے سے ڈی جی بی ایف اے وقار خورشید عالم نے کہا ہے کہ عوام کی صحت ہماری اولین ترجیح ہے اور دودھ کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ مہم کے پہلے روز سریاب، مشرقی بائی پاس، پشتون آباد، فقیر محمد روڈ، جان محمد روڈ اور کواری روڈ پر قائم ڈیری فارمز اور ملک شاپس کا معائنہ کیا گیا۔ اس دوران 44 مراکز اور ڈیری فارمز کے مجموعی طور پر 8180 لیٹر دودھ کی جانچ موبائل لیبارٹریز کے ذریعے موقع پر ہی کی گئی۔ بی ایف اے کے مطابق پہلے دن کی کارروائی میں 200 لیٹر ملاوٹی دودھ، 200 کلو غیر صحت بخش دہی اور خشک پاؤڈر کی بھاری مقدار تلف کردی گئی۔ ملاوٹ ثابت ہونے پر 5 دکانیں سیل جبکہ 9 مراکز کے مالکان پر بھاری جرمانے عائد کیے گئے۔ جرمانہ کردہ مراکز سے حاصل کیے گئے دودھ اور دہی کے نمونوں میں خشک پاؤڈر اور پانی کی بھاری مقدار کی ملاوٹ ثابت ہوئی۔ ڈی جی بی ایف اے وقار خورشید عالم نے کہا کہ ملاوٹ مافیا کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ عوامی تعاون کے بغیر یہ مہم کامیاب نہیں ہوسکتی، اس لیے ہر شہری کو چاہیے کہ اپنا کردار ادا کرے۔ انہوں نے مزید کہا کہ مہم کے دوران عوام الناس دودھ کے نمونے بالکل مفت چیک کرواسکتے ہیں۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2 — Dated: 12 SEP 2025 — Page No. 18

## ریکوڈک منصوبہ 37 سالہ مدت میں 74 ارب ڈالر کے فری کیش فلو پیدا کرے گا

715 ملین ڈالر اضافے سے لاگت 7.480 ارب ڈالر ہوگئی، منصوبہ پاکستان کی معاشی حکمت عملی کا سنگ میل قرار

**تانبے اور سونے کے منصوبے پر چار دہائیوں کی تاخیر کے بعد بالآخر پیش رفت ہوئی ہے، اعلیٰ حکام نے تصدیق کردی**

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کی کان کنی اور سرمایہ کاری کی تاریخ میں ایک سنگ میل کی حیثیت رکھنے والے ریکوڈیک تانبے اور سونے کے منصوبے پر چار دہائیوں کی تاخیر کے بعد بالآخر پیش رفت ہوئی ہے۔ اعلیٰ حکام نے تصدیق کی ہے کہ یہ منصوبہ ستمبر کے آخر یا اکتوبر کے آغاز تک فنانشل کلوز حاصل کر لے گا۔ چاغی میں واقع یہ

بقیہ نمبر 9 صفحہ 5 پر

منصوبہ اپنی 37 سالہ مدت میں تقریباً 74 ارب ڈالر کے فری کیش فلو پیدا کرے گا اور اسے پاکستان کی مستقبل کی معاشی حکمتِ عملی کا سنگ بنیاد قرار دیا جا رہا ہے۔ تین سرکاری شراکت دار اداروں او جی ڈی سی ایل، پی پی ایل اور جی ایچ پی ایل کے بورڈ آف ڈائریکٹرز اور جنرل اجلاسوں نے باضابطہ طور پر منصوبے کی لاگت میں 715 ملین ڈالر اضافے کی منظوری دی، جس سے کل لاگت بڑھ کر 7.480 ارب ڈالر ہوگئی ہے۔ یہ اضافہ قرض دہندگان کی محتاط جانچ کا نتیجہ ہے جنہوں نے مہنگائی، عالمی مارکیٹ میں اتار چڑھاو اور اضافی ہنگامی اخراجات کو مدنظر رکھا۔

## معیاری تعلیم کیلئے باہمی تعاون اور ہم آہنگی ضروری ہے، ڈاکٹر ظہور بازئی

**وی سی جامعہ بلوچستان کا اجلاس سے خطاب، تدریسی اور انتظامی بہتری پر زور دیا**

کوئٹہ (خ ن) جامعہ بلوچستان کا 95 واں اکیڈمک کونسل اجلاس سینڈیکیٹ ہال میں منعقد ہوا صدارت وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ظہور احمد بازئی نے کی جبکہ پرو وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر غلام رزاق شاہوانی، ایڈیشنل سیکریٹری کالجز، ہائر اینڈ ٹیکنیکل ایجوکیشن حکومت بلوچستان جہانزیب مندوخیل، رجسٹرار محمد طارق جوگیزئی، پرنسپل یونیورسٹی لا کالج، ڈینز، ڈائریکٹرز، شعبہ جات کے سربراہان،

بقیہ نمبر 53 صفحہ 5 پر

کنٹرولر امتحانات اور اکیڈمک کونسل کے دیگر ممبران شریک ہوئے ڈاکٹر ظہور احمد بازئی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے تین نکات پر زور دیا اچھی طرزِ حکمرانی، فیصلوں پر مؤثر عملدرآمد، اور تدریسی و انتظامی بہتری۔ انہوں نے کہا کہ جامعہ کی تعلیمی ترقی کے لیے شفافیت، مشاورت اور نتیجہ خیز اقدامات ناگزیر ہیں۔ انہوں نے تمام شعبہ جات پر زور دیا کہ وہ طلبہ کی فلاح، معیاری تعلیم، اور بروقت ڈگری کی تکمیل کو یقینی بنانے کے لیے باہمی تعاون اور ہم آہنگی کے ساتھ کام کریں۔ اجلاس میں اہم تعلیمی و انتظامی امور زیر غور آئے، جن میں کورسز میں ترامیم، شعبہ جاتی کارکردگی، طلبہ کے مسائل، داخلہ پالیسی، امتحانات، اسکالرز کے کیسز اور شعبہ AI کے کورسز کی منظوری شامل تھی۔ اراکین نے مختلف تجاویز پیش کیں اور متعدد نکات پر اتفاقِ رائے سے فیصلے کیے۔

## وفاقی محتسب کے حکم پر کسٹم نے سامان 16 ٹن گڑ واپس کردیا

کوئٹہ (آئی این پی) وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار ملا گران کو ان کا 16 ٹن گڑ (Jaggery) ایک ہفتے میں کسٹم سے واپس دلوا دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق درخواست گزار ملا گران نے بتایا کہ کسٹم نے انکا 16 ٹن گڑ (Jaggery) بلا کسی وجہ کے اپنے قبضے میں لے لیا تھا۔ اور کہا کہ یہ سمگلنگ ہے۔ انہوں نے تمام ثبوت پیش کیے لیکن باوجود اس کے ان کی کوئی شنوائی نہ ہوسکی۔ لہذا مجبور ہو کر انہوں نے وفاقی محتسب کوئٹہ سے رجوع کیا اور متعلقہ محکمے کے خلاف درخواست دائر کی۔ درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب کوئٹہ نے بروقت انکوائری کا آغاز کیا اور متعلقہ محکمے کو طلب کر کے کیس کی فوری سماعت شروع کی۔ سماعت کے دوران متعلقہ محکمہ کوئی تسلی بخش جواب نہ دے سکا۔ لہذا، وفاقی محتسب نے احکامات جاری کیے کہ درخواست گزار کو انکا 16 ٹن گڑ (Jaggery) واپس دے دیا جائے۔ احکامات موصول ہوتے ہی متعلقہ محکمے نے درخواست گزار کو انکا 16 ٹن گڑ (Jaggery) واپس کر دیا۔ اس بروقت اور منصفانہ فیصلے پر درخواست گزار نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا۔

CamScanner

DIRECTORATE

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 12 SEP 2025 Page No. 16

# افغانستان پر چڑھائی کیلئے متحد دنیا اس کی تعمیر نو کیلئے بھی اکھٹی ہو، محمود اچکزئی

## برطانیہ اور مغربی ممالک 8 فروری کے انتخابات کے نتائج کا علم ہوتے ہوئے بھی خاموش کیوں ہیں، برٹش ہائی کمشنر سے گفتگو

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین و تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ رکن قومی اسمبلی محمود خان اچکزئی سے برٹش ہائی کمشنر جین میریٹ نے وفد کے ہمراہ اسلام آباد میں ملاقات کی اور کوئٹہ میں سردار عطاء اللہ مینگل کی برسی کی مناسبت سے بی این پی کے جلسے کے بعد دھماکہ کے حوالے سے تعزیت کی۔ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے ایک بیان کے مطابق ملاقات میں ملک کے جموعی سیاسی حالات سمیت علاقائی صورتحال اور افغانستان کے مسئلے پر سیر حاصل گفتگو کی گئی محمود خان اچکزئی نے ہائی کمشنر کے سامنے یہ بات رکھی کہ جو دنیا افغانستان پر چڑھائی اور اس کی بربادی کے لئے متحد تھی انہیں اب افغانستان کی تعمیر نو کے لئے بھی اکٹھے ہو کر کردار ادا کرنا چاہئے۔ ہمارا مغربی جمہوری ریاستوں اور برطانیہ سے یہی سوال ہے کہ 8 فروری 2024 کے انتخابات کے نتائج کا علم ہوتے ہوئے بھی کیوں خاموشی اختیار کئے ہوئے ہیں، انہوں نے اس معاملے پر بھی تشویش کا اظہار کیا کہ کچھ دن پہلے شہباز شریف کی موجودگی میں امریکی کمپنیوں کے ساتھ معدنیات کے جن معاہدوں پر دستخط کئے گئے اس پر عوام کی تائید انہیں حاصل نہیں۔ ان معدنیات پر پہلا حق وہاں کے عوام کا ہے اور اگر اس کو آئینی تحفظ نہیں دی جاتا ہے تو سیاسی حالات مزید بگڑنے کا خدشہ ہے جو کوئی بھی اپنے وطن کے وسائل اور اس کے دفاع کے حق میں سیاسی جدوجہد کرتا ہے اس پر الزام لگتے ہیں۔ ہم کسی کے خلاف نہیں مگر ان معدنیات کی کھوج سے پہلے وہاں کے عوام کو اعتماد میں لینا چاہیے۔ اس موقع پر باہمی دلچسپی کے امور پر بھی گفتگو ہوئی اور اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ آنے والے دنوں میں باہمی تعاون اور رابطہ قائم رکھا جائے گا۔

# آئین پر عمل درآمد ہی تمام مسائل کا حل ہے، آل پارٹیز

## پہیہ جام اور شٹر ڈاؤن حکمرانوں کیلئے سبق تھا

## مسلط حکمران عوام کے نمائندے نہیں، پریس کلب کے سامنے مظاہرے سے ساجد ترین، رحیم زیارتوال، اصغر اچکزئی، اسلم بلوچ ودیگر کا خطاب

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) آل پارٹیز کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ 8 ستمبر کی ہڑتال حکومت کے خلاف عوامی ریفرنڈم تھی، بلوچ پشتون اتحاد کو برقرار اور بلوچستان کے عوام کے حقوق کیلئے جدوجہد جاری رکھیں گے، فارم 47 کے ذریعے مسلط حکمران عوامی نمائندے نہیں، ملک میں آئین کو پامال کیا جارہا ہے، پارلیمنٹ بے اختیار ہے، آئین میں واضح طور پر ہے کہ پاکستان میں اقتدار عوام کے ووٹ سے قائم ہوگا لیکن یہاں انتخابات میں عوامی رائے کو روندا گیا۔ تمام مسائل کا ایک ہی راستہ ہے ملک میں آئین پر عملدرآمد کیا جائے، لیویز کو پولیس میں ضم کرنے کی مخالفت کرتے ہیں۔ یہ بات بلوچستان نیشنل پارٹی کے سینئر نائب صدر ساجد ترین ایڈووکیٹ، پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے سیکرٹری جنرل عبدالرحیم زیارتوال، عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی، نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اسلم بلوچ، اے این پی کے مرکزی سیکرٹری رشید ناصر، جماعت اسلامی کے زاہد اختر بلوچ، پاکستان تحریک انصاف کے نور خان خلجی سمیت دیگر نے جمعرات کو آل پارٹیز کے مرکزی قائدین کے اعلان پر کوئٹہ پریس کلب کے سامنے احتجاجی جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے کہی، اس موقع پر آل پارٹیز کے دیگر رہنما بھی موجود تھے۔ احتجاجی جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے آل پارٹیز کے رہنماؤں نے کہا کہ 2 ستمبر کو کوئٹہ کے شاہوانی اسٹیڈیم کے باہر جلسہ کے بعد ہونے والے خودکش دھماکے کے خلاف 8 ستمبر کو صوبے بھر میں تاریخی پہیہ جام اور شٹر ڈاؤن ہوا اور آج پورے صوبے میں مظاہرے کئے جارہے ہیں، 8 ستمبر کا ہڑتال حکومت کے خلاف عوامی ریفرنڈم تھا، بلوچستان میں شٹر ڈاؤن اور پہیہ جام ہڑتال حکمرانوں کیلئے سبق تھا، حکمران تاحال ملزمان کو گرفتار کرنے میں ناکام ہیں، شہداء کا خون رائیگاں نہیں جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ہم وہ لوگ ہیں جو سیاست اور اس کی زبان کو جانتے ہیں، گفتار کے نہیں کردار کے غازی ہیں ہم نے اپنے عمل سے ثابت کیا ہے، حقائق تسلیم کیے جائیں۔ 2 ستمبر کو سیاسی کارکنوں کا خون بہا، بلوچستان کے عوام نے 8 ستمبر کو پرامن طریقے سے اپنا احتجاج ریکارڈ کرایا، بلوچستان کے عوام نے پرامن طریقے سے حکومت کے خلاف اپنی رائے کا اظہار کیا حکمرانوں کو نوشتہ دیوار پڑھ لینا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ہماری جدوجہد آج کی نہیں ہم نے فرنگی کے خلاف بھی جدوجہد کی تھی، ہم نے حکومت کے خلاف جب بھی آواز بلند کی اس کو وقت کے حکمران نے اس آواز کو ریاست کے خلاف آواز کے طور پر پیش کیا ہے جس کی ہم مذمت کرتے ہیں، ہم کو یہ حق حاصل ہے کہ ہم حکومت کے خلاف آواز بلند کریں۔ انہوں نے کہا کہ ہم ریاست کے کسی ادارے کے خلاف نہیں لیکن ان کو بھی یہ حق حاصل نہیں کہ وہ سیاست میں مداخلت کریں۔ انہوں نے کہا کہ فارم 47 کے ذریعے عوام پر حکومتیں مسلط کی گئی ہیں، انہوں نے کہا کہ فارم 47 کے ذریعے آنے والے عوامی نمائندے نہیں، ان کو بلوچستان کی سرزمین پر بسنے والے عوام کے حقوق اور مسائل کے حل کرنے سے کوئی غرض نہیں بلکہ انہیں بلوچستان کے قدرتی وسائل سے دلچسپی ہے عوام کی سیاسی آئینی جمہوری جدوجہد پر قدغن لگایا، بے بنیاد مقدمات درج کرکے پابند سلاسل رکھا جارہا ہے فارم 47 کے حکمرانوں نے صوبے کے لوگوں کے حقوق کے حصول اور مسائل کے حل اور تعمیر و ترقی سمیت ضروریات زندگی کی فراہمی کیلئے پرامن آئینی جمہوری سیاسی جدوجہد کا راستہ روک دیا سیاسی رہنماؤں اور جماعتوں کی پرامن جدوجہد سا حل وسائل پر دسترس کے حقوق کے حصول کیلئے کی جانے والی کوششوں کو سبوتاژ کیا جارہا ہے جسکی ہم مذمت کرتے ہیں ملک میں آئین کو پامال کیا جارہا ہے۔

# گیس کنکشن کی فیس میں متوسط طبقے کا خیال رکھا جائے، جمعیت

## حکومت کو ایسی پالیسیاں بنانی چاہئیں جو عوام کے لیے آسان ہوں، مولانا شرودی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا حافظ حسین احمد شرودی، ضلعی سیکرٹری اطلاعات مولانا محمد طاہر توحیدی ناظم مالیات حاجی قاسم خان خلجی معاون ناظم مالیات میر سرفراز شاہوانی ایڈووکیٹ مولانا مفتی روزی خان بادیزئی مولانا حاجی عبدالمالک بڑیچ اختر جان مری مولانا مفتی رحمت اللہ سالار مولانا علی جان ڈپٹی سالار حافظ محیب الرحمن ملاخیل مولانا جان محمد مولانا حزب اللہ ملنگ یار حافظ رحمن گل مولانا محمد اسلم نے کہا کہ وفاقی حکومت کی جانب سے گیس کنکشن سے پابندی ختم کرنے کے فیصلے کا جمعیت ضلع کوئٹہ نے خیر مقدم کرتی ہے اور مطالبہ کرتی ہے کہ گیس کنکشن کی فیس متوسط طبقے کی مالی صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے مقرر کی جانی چاہئے اس فیصلے سے عوام کو بہت ریلیف ملے گا، کیونکہ اس سے لوگوں کی ایک بنیادی ضرورت پوری ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کو ایسی پالیسیاں بنانی چاہئیں جو عوام کے لیے آسان ہوں اور ان پر معاشی بوجھ نہ ڈالیں۔ انہوں نے حکومت سے کہا ہے کہ وہ مستقبل میں بھی ایسے فیصلے کرے جو عوام کی فلاح و بہبود کے لیے ہوں۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3 Dated: 12 SEP 2025 Page No. 17


## صوبے میں بے چینی اور اضطراب کا واحد حل قومی مفاہمت ہے، مولانا واسع

**پرامن مکالمہ اور سنجیدہ گفت و شنید ہی مسائل کے حل کی بنیاد، تمام حلقے آئین و قانون کے دائرے میں رہ کر حقوق کی جدوجہد کریں**

کوئٹہ (آن لائن) امیر جمعیت علما اسلام بلوچستان، سینیٹر مولانا عبدالواسع، جنرل سیکرٹری مولانا آغا محمود شاہ اور مجلس عاملہ کے دیگر ارکان نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ جمعیت وہ واحد سیاسی و دینی قوت ہے جو بلوچستان کی جغرافیائی، سماجی، قبائلی اور سیاسی حرکیات سے مکمل آگاہی رکھتی ہے اور تمام اسٹیک ہولڈرز کے اعتماد کی حامل ہے۔ صوبے میں جاری بے یقینی اور اضطراب کی کیفیت کا واحد پائیدار حل افہام و تفہیم، سنجیدہ مذاکرات اور قومی مفاہمت ہے۔ جمعیت علما اسلام نے ہمیشہ ملکی و قومی مفاد کو اولین ترجیح دی ہے۔ تاریخ گواہ ہے کہ ہر نازک مرحلے اور مشکل گھڑی میں جماعت نے قومی یکجہتی، جمہوری استحکام اور آئینی بالادستی کے لیے اپنا مثبت اور تعمیری کردار ادا کیا ہے۔ آج بھی ہم اسی عزم و حوصلے کے ساتھ ملک و صوبے کے ہر چیلنج کا سامنا کرنے اور تعاون فراہم کرنے کے لیے تیار ہیں۔ انہوں نے زور دیا کہ پرامن مکالمہ اور سنجیدہ گفت و شنید ہی ہر قسم کے سیاسی و سماجی مسائل کے حل کی بنیاد ہے۔ جمعیت علما اسلام نے ماضی میں بھی آئینی اور جمہوری راستے کو اپنا شعار بنایا اور آج بھی تمام طبقات سے اپیل کرتی ہے کہ وہ اپنے حقوق کی جدوجہد آئین و قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے کریں۔ بیان میں کہا گیا کہ جمعیت جائیں گے۔ انہوں نے مشکل ترین حالات میں نہ صرف سابق وزیراعظم میاں محمد نواز شریف کا ساتھ نبھایا بلکہ ہر مشکل گھڑی میں چٹان کی طرح ان کے شانہ بشانہ کھڑی رہیں۔ وہ جرات، حوصلہ اور استقامت کی علامت تھیں جنہوں نے ہر آزمائش کے وقت پوری قوم کو حوصلہ دیا۔

## عوام کی جان و مال کے تحفظ، بنیادی مسائل کے حل کیلئے تحریک جاری رہیگی، پشتونخوا نیپ

**شاہراہوں پر شام 5 بجے کے بعد ٹرکوں کو روکے جانے کا سلسلہ جاری، 50 سال سے مقیم افغان مہاجرین کو شہریت دیجائے، گل مرجان کبزئی**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹری سردار گل مرجان کبزئی نے کہا ہے کہ ادارے پشتون عوام کو ان کی سرزمین اور قدرتی وسائل سے محروم کرنے کے لیے غیر قانونی الاٹمنٹ کا سلسلہ جاری رکھے ہوئے ہیں۔ غیر آئینی مائنز اینڈ منرلز ایکٹ 2025 کے نفاذ کے بعد ان وسائل کو اداروں کے نام منتقل کرنے کا عمل شروع ہو چکا ہے۔ پشتونخوا نیپ کسی بھی صورت اس عمل کی اجازت نہیں دے گی اور عوام کو ان قوتوں کے خلاف منظم کرے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پشتونستان چوک لورالائی میں احتجاجی مظاہرے اور جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر ضلعی سیکرٹری مصطفیٰ کمال کاکڑ، صوبائی ڈپٹی سیکرٹری نعمت جلالزئی اور دیگر نے بھی خطاب کیا۔ مقررین نے کہا کہ لورالائی۔ڈی جی خان روڈ اور لورالائی۔کوئٹہ روڈ پر دن کے وقت شام پانچ بجے کے بعد ٹرانسپورٹ، مسافر کوچوں، اور تاجروں و زمینداروں کے مال بردار ٹرکوں کو روکنے کا سلسلہ جاری ہے اور انہیں دہشت گردی و بدامنی کے بہانے آگے جانے سے روکا جاتا ہے۔ یہ اقدامات جنوبی پشتونخوا خصوصاً لورالائی کے عوام کے معاشی قتل عام کے مترادف ہیں۔ اسی طرح لورالائی NA 70 کوئٹہ روڈ پر قلعہ سیف اللہ کے مقام پر ٹول پلازہ عوام سے بھتہ اور ناجائز ٹیکس وصول کرنے کا ذریعہ بنا ہوا ہے۔ ملک بھر خصوصاً ضلع لورالائی میں افغان کڈوال کے نام پر پشتون عوام کو زبردستی بے دخل کرنے، کاروبار بند کرانے اور دکانیں سیل کرنے کے بعد رشوت وصول کر کے انہیں قلعہ سیف اللہ یا مسلم باغ کے مقام پر چھوڑ دینا انتہائی غیر انسانی عمل ہے۔ یہاں گزشتہ پچاس برس سے مقیم افغان عوام کو اقوام متحدہ اور بین الاقوامی قوانین کے مطابق شہریت دی جائے۔ مائنز اینڈ منرلز ایکٹ کو فوری طور پر واپس لیا جائے۔ ترقیاتی کاموں میں کرپشن اور لوٹ مار کا سلسلہ بند کیا جائے اور عوام کی جان و مال کا تحفظ یقینی بنایا جائے۔ مقررین نے کہا کہ سول ادارے اپنی افادیت کھو بیٹھے، منی مارشل لا مسلط ہے جس کے نتیجے میں سرکاری اداروں کی صلاحیتیں منجمد ہو کر تباہی کے دہانے پر پہنچ چکی ہیں۔ عوام کو زندگی کے ہر شعبے میں شدید مشکلات اور رکاوٹوں کا سامنا ہے جبکہ عوامی مسائل کے حل کے لیے حکومت کی جانب سے کوئی سنجیدہ اور موثر اقدامات نہیں کیے جا رہے ہے۔ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی نے واضح کیا کہ وہ عوام کے جان و مال کے تحفظ اور ان کے بنیادی مسائل کے حل کے لیے اپنی احتجاجی تحریک جاری رکھے گی۔


MASHRIQ QUETTA


## حلقہ انتخاب میں ترقی کے دروازے کھولنا ہمارا مشن ہے، علی مدد جتک

**علاقے کی خوشحالی کیلئے انقلابی اقدامات اٹھائیں گے، ممبر صوبائی اسمبلی کا عزم**

کوئٹہ (پ ر) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی کمیٹی کے رکن و ممبر صوبائی اسمبلی حاجی علی مدد جتک سے ان کی رہائش گاہ پر قبائلی عمائدین اور علاقہ عوام کی بڑی تعداد نے ملاقات کی ملاقات کے دوران شرکاء نے علاقے کے مختلف مسائل، عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں اور ترقیاتی کاموں پر تفصیل سے تبادلہ خیال کیا اس موقع پر حاجی علی مدد جتک نے کہا کہ عوامی مسائل .......... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر


بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر


کا حل اور علاقے میں ترقی کے نئے دروازے کھولنا ان کا مشن ہے انہوں نے کہا کہ عوامی خدمت ان کی سیاست کا محور ہے اور وہ اپنے حلقے کے عوام کے مسائل حل کرنے کیلئے ہر ممکن اقدامات کر رہے ہیں حاجی علی مدد جتک نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ علاقے کی ترقی اور خوشحالی کیلئے انقلابی اقدامات اٹھائے جائیں گے تاکہ عوام کو بنیادی سہولیات میسر آئیں اور نوجوانوں کو بہتر مواقع فراہم کئے جا سکیں شرکاء نے حاجی علی مدد جتک کی عوامی خدمات کو سراہا اور ان پر اپنے بھرپور اعتماد کا اظہار کیا۔

## نوجوانوں کو مفت آئی ٹی تربیت فراہم کریں گے، مولانا ہدایت الرحمان

**19 ستمبر کو کوئٹہ میں ہزاروں نوجوان و طلباء "بنو قابل پروگرام" ٹیسٹ میں حصہ لیں گے**

**"بنو قابل پروگرام" نوجوانوں کو خود کفیل بنانے کیلئے بہترین پلیٹ فارم ہے، اجلاس سے خطاب**

کوئٹہ (پ ر) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ الخدمت فاؤنڈیشن کا "بنو قابل پروگرام" نوجوانوں کو جدید ٹیکنالوجی کی تعلیم اور ہنرمندی سے آراستہ کرنے کا ایک شاندار اقدام ہے اس پروگرام کا مقصد بلوچستان کے نوجوانوں کو آئی ٹی اور دیگر جدید کورسز کے ذریعے ہنرمند، باروزگار و بااختیار بنانا ہے تاکہ وہ ملکی .......... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر


بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر


اور بین الاقوامی سطح پر باعزت روزگار کے مواقع حاصل کر سکیں 19 ستمبر کو کوئٹہ میں ہزاروں نوجوان و طلباء بنو قابل پروگرام ٹیسٹ میں حصہ لیں گے اس موقع پر الخدمت فاؤنڈیشن کے قائد امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان خصوصی خطاب میں آئندہ لائحہ دیں گے جدید چیلنجز معاشی مشکلات سے نمٹنے کیلئے سائنس و ٹیکنالوجی، علم و ہنر سے لیس ہونا ضروری ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے الخدمت فاؤنڈیشن کے دفتر میں بنو قابل پروگرام کی تیاریوں کے حوالے سے منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ ہم بنو قابل پروگرام کے ذریعے نوجوانوں کو مفت آئی ٹی کورسز کرائیں گے

## پولیس اہلکاروں کے عوام کیساتھ نامناسب رویہ کا نوٹس لیا جائے، انجمن اتحاد اخبار فروشاں

**موٹر سائیکل سواروں کو بلاجواز تنگ کرنا، اخبار فروشوں اور شہریوں کیساتھ نامناسب رویہ قابل مذمت ہے**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) انجمن اتحاد اخبار فروشاں نے ٹریفک پولیس کی جانب سے کوئٹہ میں موٹر سائیکل سواروں کو بلاجواز تنگ کرنے، اخبار فروشوں اور شہریوں کے ساتھ نامناسب رویے کی مذمت اور ایس پی ٹریفک و دیگر اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ عوام کے ساتھ نامناسب رویہ کا نوٹس لیا اور ذمہ دار اہلکاروں کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے بصورت دیگر احتجاج پر مجبور ہوں گے۔ ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ گزشتہ روز لیاقت بازار میں ٹریفک پولیس اہلکاروں نے کئی موٹر سائیکلوں کو اٹھا کر صرف اس لئے بند کیا کہ وہ غلط پارک ہیں جبکہ لیاقت بازار میں اس وقت درجنوں گاڑیاں پارکنگ کی گئی تھیں جن کے خلاف کوئی کارروائی نہیں کی گئی۔ ٹریفک پولیس اہلکاروں نے ایک اخبار فروش کی موٹر سائیکل بھی گاڑی میں ڈال دی کاغذات اور نمبر پلیٹ درست ہونے کے باوجود 500 روپے کا چالان کیا گیا جو ادا کر دیا گیا، جس کے بعد پولیس اہلکاروں سے کاغذات اور موٹر سائیکل واپس کرنے کو کہا گیا تو ٹریفک پولیس اہلکاروں نے نہائت نامناسب رویہ اختیار کیا جس کی انجمن اتحاد اخبار فروشاں مذمت کرتی ہے۔ بیان میں آئی جی پولیس، ایس پی ٹریفک اور دیگر اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا گیا کہ شہریوں کو بلاجواز تنگ کرنے، شہریوں کے ساتھ نامناسب رویہ اختیار کرنے والے اہلکاروں کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے بصورت دیگر انجمن اتحاد اخبار فروشاں سخت احتجاج پر مجبور ہوگی۔


CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4　　Dated: 12 SEP 2025　　Page No. 18


## خاران، خانہ بدوشوں پر فائرنگ سے چار افراد جاں بحق، 4 کو اغوا کر لیا گیا

**مرنے والوں میں تین سگے بھائی بھی شامل، پولیس اور فورسز نے مغویوں کی بازیابی کیلئے سرچ آپریشن کا آغاز کردیا**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) خاران میں نامعلوم افراد کی خانہ بدوشوں پر فائرنگ سے تین بھائیوں سمیت چار افراد جاں بحق جبکہ چار افراد کو اغوا کرلیا گیا۔ پولیس اور سیکورٹی فورسز نے مغویوں کی بازیابی کیلئے سرچ آپریشن شروع کردیا پولیس کے مطابق خاران کے علاقے پکین میں رہائش پذیر خانہ بدوش پر گزشتہ روز ایک درجن سے زائد مسلح افراد نے اندھا دھند فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں تین بھائی جنگی خان، صاحب خان، نصرت عرف اشرف اور شاہ اللہ موقع پر ہی جاں بحق جبکہ مسلح افراد نے چار افراد صابر، بہادر خان، نوکر خان اور احمد خان کو اغواء کرکے لے گئے واقعے کی اطلاع ملنے پر پولیس اور سیکورٹی فورسز کی بھاری نفری نے موقع پر پہنچ کر علاقے کو گھیرے میں لے کر لاشوں کو ہسپتال پہنچایا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاشیں ورثا کے حوالے کردی گئیں جبکہ پولیس اور سیکورٹی فورسز نے مغویوں کی بازیابی کیلئے سرچ آپریشن شروع کردیا گیا

## لورالائی: وین کے مسافر سے اسلحہ برآمد، گرفتار کرلیا گیا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) لورالائی پولیس نے اسلحے کی اسمگلنگ کو کوشش ناکام بناتے ہوئے دوران چیکنگ وین کے مسافر سے اسلحہ برآمد ہونے پر گرفتار کرلیا پولیس کے مطابق ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس لورالائی رینج جنید احمد شیخ کو خفیہ اطلاع ملی تھی کہ لورالائی سے اسلحہ اسمگلنگ کرنے کی کوشش کی جارہی ہے جس پر ڈی آئی جی نے ایس ایس پی احمد سلطان کی سربراہی میں ٹیم تشکیل دی جس نے گزشتہ شب تین بجے قومی شاہراہ پر ناکہ بندی کرکے چیک شروع کی اسی دوران لورالائی سے کوئٹہ جانے والی وین سے مسافر جمیل احمد کے بیگ سے سات عدد پستول اور نو پچاس کارتوس برآمد ہونے پر گرفتار کرلیا۔


INTEKHAB QUETTA


## اوستہ محمد، ڈاکوؤں نے سیب سے لدی پک اپ چھین لی

**حاجی شہر میں مسلح افراد اسکول ٹیچر محمد اقبال سے موٹر سائیکل چھین کر فرار**

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) حاجی شہر اور اوستہ محمد میں مختلف واقعات کے موٹر سائیکل اور پک اپ چھین لی گئیں لیویز کے مطابق لیویز تھانہ حاجی شہر کی حدود میں مسلح افراد اسکول ٹیچر محمد اقبال سے موٹر سائیکل نقدی موبائل فون چھین کر فرار ہوگئے جبکہ اوستہ محمد کے قریب واقع بابا کوٹ پولیس تھانہ کی حدود میں ڈاکوؤں نے سیب سے بھری پک اپ نقدی اور موبائل چھین لیا اور ڈرائیور کو قریبی جھاڑیوں میں باندھ کر فرار ہوگئے۔

# بڑھتی آبادی کی ضرورتوں کے مطابق شہری سہولیات فراہم کی جائیں شہریوں کا مطالبہ

## صفائی نہ ہونے کی وجہ سے لوگ الرجی سمیت مختلف بیماریوں میں مبتلا ہونے لگے ہیں، ڈاکٹر خان محمد اچکزئی

### وزیر اعلیٰ بلوچستان، چیف سیکرٹری اہم مسائل کا فی الفور نوٹس لیں، کفایت اللہ، زبور خان، امداد اللہ کاکڑ کی سروے ٹیم سے گفتگو

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) بڑھتی ہوئی آبادی کے باعث شہر میں جہاں بنیادی وسائل کا بحران وہی پر صفائی جیسی بنیادی اور اولین ضرورت سے عوام مایوس، بلدیاتی الیکشن نہ ہونے کے باعث گلی کوچوں اور محلوں میں مسائل کے انبار لگ گئے ہیں، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، چیف سیکرٹری بلوچستان سنگین نوعیت کے اس اہم مسئلہ کا فی الفور نوٹس لیکر عوام کو بنیادی وسائل کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ مشرق سروے ٹیم سے بات چیت کرتے ہوئے ڈاکٹر خان محمد اچکزئی، کفایت اللہ، زبور خان، امداد اللہ کاکڑ، عصمت اللہ خلجی ودیگر نے بتایا ہے کہ کوئٹہ شہر میں صفائی کا برا حال ہے عوام گندگی کے ڈھیر سے پریشان ہے جگہ جگہ گندگی کے ڈھیر نے علاقے میں بدبو پھیل گیا ہے، صفائی نہ ہونے کی وجہ سے لوگ الرجی سمیت مختلف بیماریوں میں مبتلا ہونے کا خدشہ ہے، میٹر



وپولیٹن کارپوریشن سے منسلک صفا پروجیکٹ انتظامیہ ایکشن لیکر ان علاقوں میں فوری طور پر صفائی کرائی جائے بصورت دیگر اسپنی روڈ، سبزل روڈ، بادیزئی ٹاؤن پشتون باغ کے عوام احتجاج پر مجبور ہوجائینگے، علاقے میں گندگی کے ڈھیر نے عوام کی پریشانیاں دوبالا کر دیا ہے، اس علاقے میں پہلے زمانے میں میٹروپولیٹن کارپوریشن کا عملہ آتی تھی اب جب سے صفائی کا نظام صفا پروجیکٹ کے حوالے کیا گیا ہے تب سے اب تک صفائی کا نظام انتہائی خراب ہے، صرف شہری علاقوں میں صفائی کی جا رہی ہے جبکہ نواحی علاقوں میں کہیں بھی صفائی کا نظام بہتر تو کیا ہو نہیں رہی ہے، جس کی وجہ سے علاقے کے عوام کو سخت ذہنی کوفت کا سامنا ہے، انہوں نے موجودہ کمشنر ایڈمنسٹریٹر سے اپیل کیا ہے کہ مذکورہ بالا علاقوں کا از خود دورہ کر کے علاقے میں صفائی کا خود معائنہ کر کے متعلقہ پروجیکٹ انتظامیہ کی



کارکردگی چیک کرے بصورت دیگر یہاں کے عوام سخت سے سخت احتجاج کا حق محفوظ رکھتے ہیں۔

# کلی جدید گورگیج گذشتہ چھ مہینوں سے بجلی کی سہولت سے محروم

### بجلی نہ ہونے کی وجہ سے اہلیان شدید مشکلات سے دوچار، نظام زندگی متاثر

مل (نامہ نگار) کیسکو کی نااہلی، عوامی نمائندوں کی بے حسی، کلی جدید گورگیج گذشتہ چھ مہینوں سے بجلی کی سہولت سے محروم بجلی نہ ہونے کی وجہ سے اہلیان جدید گورگیج شدید مشکلات سے دوچار نظام زندگی بری طرح متاثر شدید گرمی کا موسم بغیر بجلی کے گزر گیا اہلیان کا کہنا ہے کہ چھ مہینہ قبل صوبائی حکومت کی جانب سے زرعی ٹیوب ویلوں کو سولرائزیشن پر منتقل کر دیا گیا جس کے بعد کیسکو نے زرعی صارفین کے بجلی کے آلات جن میں کھمبے بھی شامل تھے ہٹا دیئے گئے کلی جدید گورگیج کے بجلی کی مین لائن انہی لائنوں پہ منسلک تھی کھمبوں کے ہٹانے کے بعد سے تاحال کلی جدید گورگیج بجلی کی سہولت سے محروم ہیں بجلی کی بندش کو چھ مہینہ گزر چکے اہلیان نے کیسکو آفیسران کو تحریری طور پر بھی درخواست دیکر آگاہ کر دی گرمی کا سیزن بھی بغیر بجلی کے گزر گیا مگر کیسکو اور عوامی نمائندوں کی جانب سے تاحال کوئی اقدامات نہیں کیے گئے جس کی وجہ سے اہلیان جدید گورگیج شدید مشکلات سے دوچار ہیں آخر میں اہلیان جدید گورگیج نے وزیر اعلیٰ بلوچستان سے نوٹس لینے کی اپیل کی ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 12 SEP 2025 Page No. 20


## وزیراعلیٰ بلوچستان کالاپتہ افراد کے مسئلے کاحل اوردہشتگردی کے خاتمے کاعزم،اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ گرینڈ ڈائیلاگ ناگزیر!

بلوچستان میں سیاسی استحکام اورقیام امن دیرینہ مسئلہ ہے۔بلوچستان کی موجودہ حکومت سمیت تمام اسٹیک ہولڈرز اورعوام بھی بلوچستان میں ترقی،خوشحالی، امن چاہتی ہے تاکہ صوبے میں پسماندگی اور محرومیوں کا خاتمہ ممکن ہوسکے۔ بلوچستان کے دیرینہ مسائل جوسیاسی بھی ہیں،لاپتہ افراد کامعاملہ بھی سرفہرست ہے ان کوحل کرنے کیلئے حکومت سمیت سب کی ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ اپنا کردارادا کریں۔دہشتگردی کی کوئی بھی حمایت نہیں کرتا جو بلوچستان کی ترقی میں سب سے بڑی رکاوٹ ہے البتہ سیاسی مسائل کا نکالنا ضروری ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا کہنا ہے،ہم دہشت گردوں کے سامنے کبھی نہیں جھکیں گے۔انسداد دہشت گردی کا قانون عام عوام پر لاگو نہیں ہوگا۔ گزشتہ روز میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان کا کہنا تھا کہ مولانا ہدایت الرحمان کے علاقے میں مزدوروں کو بے دردی سے قتل کیا گیا،فرانس میں دہشتگردی کے واقعے کے بعدایک دن میں قانون تبدیل ہوا۔2016 میں وکلاء کاقتل ہوا،2016 واقعے کا ماسٹر مائنڈ سعید بادینی گرفتار ہوا،سعید بادینی کا بروقت ٹرائل نہیں کیا گیا، لاشیں اٹھانے والوں سے تکلیف کا پوچھیں، دہشتگردی کے خلاف کوئی گواہی دینے کے لئے تیارنہیں۔وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا کہنا تھا کہ ہم لاپتہ افراد کا مسئلہ حل کرنا چاہتے ہیں، جو شخص گرفتار ہوگا اس کے اہل خانہ کو اسی وقت اطلاع دی جائے گی، لاپتہ افراد کا مسئلہ ہمیشہ کے لئے ختم کریں گے۔ہم سب دہشتگردی کا شکار ہیں، کیا ہم دہشتگردی کے خلاف جنگ میں لیڈ نہ لیں، پارلیمنٹ کی قیادت کے بغیر ہم جنگ نہیں جیت سکتے، ہمارا منشور دہشتگردی کو روکنا ہے۔ بہرحال وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی جانب سے لاپتہ افراد کے مسئلے کاحل اوردہشتگردی کے خاتمے کی سب ہی حمایت کرتے ہیں مگراس کیلئے تمام اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ بیٹھنا ہوگا، گرینڈ ڈائیلاگ کی طرف جانا ہوگا، اے پی سی بلانے کی ضرورت ہے۔ وفاقی حکومت کا مرکزی کردار ہے کہ وہ بلوچستان میں قیام امن، لاپتہ افراد سمیت دیگر مسائل کے حل کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کرے،

بلوچستان پر زیادہ سے زیادہ وسائل لگائے ،این ایف سی ایوارڈ میں بلوچستان کو خاص ترجیح واہمیت دے تاکہ بلوچستان میں ترقی وخوشحالی ممکن ہوسکے اور بلوچستان کے عوام ترقی سے براہ راست مستفید ہوں۔ امید ہے کہ بلوچستان میں قیام امن سمیت دیگر مسائل حل کرنے کیلئے حکومت ٹھوس اقدامات اٹھائے گی تاکہ بلوچستان میں سیاسی استحکام،امن اورترقی آسکے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان



Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6 Dated: 12 SEP 2025 Page No. 21


## بلوچستان اسمبلی، انسداد دہشتگردی فرانزک سائنس ترمیمی مسودات قانون منظور

بلوچستان اسمبلی نے انسداد دہشت گردی اور فرانزک سائنس کے ترمیمی مسودات قانون منظور کر لئے، اجلاس میں بلوچستان لیویز فورس سے متعلق مسودہ قانون بھی منظور کر لیا گیا بلوچستان اسمبلی کا اجلاس دو روز کے وقفے کے بعد اسپیکر عبدالخالق خان اچکزئی کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں بلوچستان انسداد دہشت گردی اور فرانزک سائنس کے ترمیمی مسودات قانون اور بلوچستان لیویز فورس کا مسودہ قانون پارلیمانی سیکرٹری زرین خان مگسی نے پیش کیے۔ رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے انسداد دہشت گردی اور بلوچستان لیویز فورس کے ترمیمی مسودہ قانون کی مخالفت کی۔ انسداد دہشت گردی کے ترمیمی مسودہ قانون کیحوالے سے ان کا کہنا تھا کہ اس مسودہ کی منظوری کیبعد ہمیں انصاف واٹس اپ کیذریعےملیگا ہمیں اپنےخلاف گواہاں کا پتہ ہی نہیں چلیگا، مولانا ہدایت الرحمان کا یہ بھی کہنا تھا کہ اس قانون کی منظوری کے بعد کوئی بیگناہ مارا گیا تو ذمہ دار موجودہ حکومت ہوگی، یہ قانون لانے کی بجائے عدالتوں میں اصلاحات لائیں، اس پر اظہار خیال کرتے ہوئے وزیراعلی کا کہنا تھا کہ ہمیں پتہ ہے کہ یہ پاپولر فیصلے نہیں ہیں، یہ مسودہ قانون سیاسی کارکنوں کے خلاف ہے، آج جمال دیسانی ایوان میں موجود ہیاں کیوالد دہشت گردی کا نشانہ بنے، وزیراعلی کا یہ بھی کہنا تھا کہ 11/9 کے بعد امریکہ نے خصوصی قوانین بنائے، ایسے حالات میں خصوصی قوانین بنانے پڑتے ہیں، ہمیں ججز اور گواہاں کو تحفظ دینا ہے، میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بس سے اتار کر مسافروں کو قتل کیا گیا لیکن کوئی گواہی دینیکیلئے تیار نہیں، لاپتہ افراد کے مسئلے کو کچھ سیاسی جماعتیں آلیکے طور پر استعمال کر رہی ہیں، لیکن ان سیاسی جماعتوں نے لاپتہ افراد کے مسئلے کا حل تجویز نہیں کیا، ہم خصوصی قوانین بنا کر لاپتہ افراد کا مسئلہ حل کریں گے، یہ ریاست ہماری ہے، اسے توڑنے نہیں دیں گے، بعد میں مسودات قانون منظور کر لئے گئے۔ اور اسمبلی اجلاس بارہ ستمبر سہ پہر۔ ۱ بجے تک کیلئے ملتوی کر دیا گیا۔ وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے صوبائی اسمبلی کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے دہشتگردی کے بڑھتے ہوئے واقعات اور امن وامان کی صورتحال پر تفصیلی اظہار خیال کیا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں دہشتگردوں کے خلاف ریاستی عزم غیر متزلزل ہے اور کسی صورت ان کے سامنے جھکا نہیں جائے گا۔ وزیراعلی نے گوادر میں مزدوروں کے بہیمانہ قتل کو انسانیت سوز اور افسوسناک واقعہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ ایسی بربریت کو کسی قیمت پر برداشت نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ریاستی ادارے اپنی تمام تر صلاحیتوں کے ساتھ عوام کے جان ومال کے تحفظ کے لیے سرگرم عمل ہیں اور دہشتگردوں کو انجام تک پہنچانے کے لیے ہر ممکن اقدام کیا جائے گا۔

# Water and agriculture

The arid landscapes of Balochistan belie a crucial reality, its economy, and the livelihoods of nearly 70 percent of its population, is inextricably linked to agriculture and livestock sectors. This paradox a water-stressed province that relies on a water-intensive sector has reached a tipping point. Decades of conventional farming practices, compounded by a lack of forward-thinking policies, have left this vital sector vulnerable and on the brink of collapse. In most of the parts of Balochistan, the ground water which is the main source for drinking and irrigation purposes has dropped to an- alarming level, which would bring disastrous impacts if preemptive steps not taken in this regard. The ongoing degradation of agricultural land and the depletion of scarce water resources are not just environmental issues; they are a direct threat to the economic stability of the entire province. Sadly, the ratio of poverty line is much higher in Balochistan as compared to other province of the country, where more than 50 percent of masses are living a life below poverty line.

This looming crisis demands more than just recognition; it requires decisive action from the government and concerned authorities. The reliance on traditional, water-guzzling crops and outdated irrigation methods is no longer a viable option in the face of persistent drought and climate change. It is essential that a comprehensive strategy be devised to guide Balochistan's farmers toward a more sustainable future. This plan must focus on two key pillars: the adoption of modern, water-efficient technology and the cultivation of crops that are resilient to low-water conditions. The government's role is not merely to advise but to actively assist. This transition from conventional to modern farming cannot be shouldered by farmers alone. They require tangible support in the form of subsidized drip irrigation systems, access to drought-resistant seeds, and expert guidance on soil and water management. Educational programs and demonstration farms could prove invaluable in showing farmers the long-term benefits of this transformation, convincing them that less water can, in fact, yield greater and more sustainable returns. By fostering a climate-resilient agricultural sector, the government can protect the livelihoods of millions and secure the province's economic future. The time for hesitation is over. The complete collapse of Balochistan's agriculture would send ripples of hardship across the region, creating a humanitarian and economic crisis. By investing now in smart, sustainable, and forward-looking agricultural policies, the government has the opportunity to safeguard this key sector, transforming a vulnerability into a model of resilience for other arid regions.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN


نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No.________ Dated: 12 SEP 2025 Page No.________



کوئٹہ، اسپیکر بلوچستان صوبائی اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی سے صوبائی وزراء میر عاصم کرد گیلو و دیگر ملاقات کر رہے ہیں



صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی کا ڈائریکٹر جنرل خانہ فرہنگ ایران ابوالحسن میری کے ساتھ گروپ فوٹو



صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ بلوچستان ہیلتھ کیئر کمیشن بورڈ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



کوئٹہ، مشیر بلدیات بلوچستان نوابزادہ امیر حمزہ زہری سے صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی ملاقات کر رہے ہیں